Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 13 — پیر، 06 فروری 2023ء، 14 رجب المرجب 1444ھ، قیمت 20 روپے — شمارہ 263

کشمیریوں کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت ملنے تک مسئلہ کشمیر پاکستان کی خارجہ پالیسی کا اہم ستون رہے گا

پاکستان مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم پر خاموش تماشائی نہیں بنے گا، بلاول بھٹو

آج مقبوضہ جموں وکشمیر دنیا کے سب سے زیادہ فوجی تعیناتی والے علاقوں میں سے ایک ہے جہاں 9 لاکھ سے زیادہ قابض بھارتی فوج تعینات ہیں

بھارتی حکمرانوں نیا انتخابی حلقوں کی تازہ حد بندی، غیر کشمیریوں کو لاکھوں ڈومیسائل سرٹیفکیٹس کا اجرا اور ووٹر لسٹوں میں لاکھوں غیر کشمیریوں کو شامل کیا ہے

کراچی (خبر نگار) پاکستان کے وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ جب تک کشمیری بھارتی مظالم کا شکار ہیں پاکستان کبھی چین سے بیٹھے گا نہ خاموش تماشائی بنے گا۔ بلاول بھٹو زرداری نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ کشمیریوں کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت ملنے تک مسئلہ کشمیر پاکستان کی خارجہ پالیسی کا اہم ستون رہے گا۔ وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ سات دہائیوں سے بھارتی قابض افواج نے کشمیریوں پر مظالم ڈھائے ہیں اور انہیں ان کے حقوق سے محروم رکھا ہوا ہے۔ آج مقبوضہ جموں وکشمیر دنیا کے سب سے زیادہ فوجی تعیناتی والے علاقوں میں سے ایک ہے جہاں 9 لاکھ سے زیادہ قابض بھارتی فوج تعینات ہیں۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ بھارت نے 5 اگست 2019 کے اپنے غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات سے مقبوضہ کشمیر کے لوگوں کو دبانے کا نیا باب کھول دیا ہے۔ بھارتی حکمرانوں نیا انتخابی حلقوں کی تازہ حد بندی، غیر کشمیریوں کو لاکھوں ڈومیسائل سرٹیفکیٹس کا اجرا اور ووٹر لسٹوں میں لاکھوں غیر کشمیریوں کو شامل کیا ہے جس کا مقصد کشمیریوں کو ان کی سرزمین پر ایک بے اختیار اقلیت میں تبدیل کرنا ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ کشمیری مسلسل خوف میں زندگی بسر کر رہے ہیں کیونکہ بھارتی فورسز کی طرف سے محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں میں طاقت کے اندھا دھند استعمال اور ماورائے عدالت قتل کا سلسلہ جاری ہے (بقیہ نمبر 1)

PTI کے مستعفی 81 اراکین قومی اسمبلی تاحال پارلیمنٹ لاجز میں مقیم

ارکان اسمبلی کی مرضی کے بغیر استعفے منظور کرنے کا اقدام غیر آئینی ہے، درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے مستعفی 81 اراکین قومی اسمبلی کے تاحال پارلیمنٹ لاجز میں مقیم ہونے کا انکشاف ہوگیا۔ میڈیا نے ذرائع کے حوالے سے رپورٹ کیا ہے کہ 23 جنوری کو 100 سے زائد اراکین اسمبلی کو 7 روز میں لاجز خالی کرنے کی (بقیہ نمبر 4)

یوم یکجہتی کشمیر پر وزرائے اعلیٰ، وزراء، سیاسی رہنماؤں کے پیغامات

پاکستان کشمیریوں کے ساتھ اپنی مکمل وابستگی اور حمایت کا عزم کرتا ہے، مریم اورنگزیب

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) یوم یک جہتی کشمیر کے موقع پر مختلف صوبوں کے وزرائے اعلیٰ، وفاقی وزراء اور مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کی جانب سے پیغامات جاری کیے گئے ہیں۔ یوم یک جہتی کشمیر پر امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے اپنے پیغام میں کہا (بقیہ نمبر 3)

پشاور پولیس لائنز دھماکے میں 100 نہیں 84 افراد شہید، درست فہرست جاری

ایل آر ایچ کے مردہ خانے میں پولیس نے فہرست تیار کر کے اسپتال کو دی تھی حتمی فہرست کے مطابق شہداء کی تعداد 84 ہی ہے

پشاور (اسپیشل رپورٹر) پشاور پولیس لائنز دھماکے میں 100 نہیں 84 افراد شہید ہوئے ہیں لیڈی ریڈنگ اسپتال نے پولیس کی فہرست سے اتفاق کرلیا۔ لیڈی ریڈنگ اسپتال (ایل آر ایچ) انتظامیہ نے شہداء کی درست فہرست جاری کردی ہے۔ ترجمان کا کہنا ہے (بقیہ نمبر 2)

...... مظفرآباد: وزیراعظم شہباز شریف سے آزاد کشمیر کی سیاسی قیادت کی ملاقات ......

وزیراعظم نے کہا کہ کشمیریوں نے اپنی قربانیوں سے آزادی کی شمع کو جلا بخشی ہے، میرا یقین ہے کہ ان کے خواب جلد پورے ہوں گے

کشمیریوں نے اپنی قربانیوں سے آزادی کی شمع کو جلا بخشی ہے، شہباز شریف

مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام بھارت کے غیر قانونی قبضے سے آزادی کے اپنے خواب کو پورا کرنے کے لیے انتھک جدوجہد کر رہے ہیں

مقبوضہ جموں وکشمیر کی عوام اقوام متحدہ کے منظور شدہ حق خودارادیت کی جدوجہد میں ہندوستانی غاصبانہ نظام سے نبرد آزما ہیں، شہباز شریف

مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام بھارت کے غیر قانونی قبضے سے آزادی کے اپنے خواب کو پورا کرنے کے لیے انتھک جدوجہد کر رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ آج پورا پاکستان کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ اپنی غیر متزلزل یکجہتی اور حمایت کا اظہار کرنے کے لیے اکٹھا ہوا ہے۔ اتوار کو یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر وزیراعظم نے ایک ٹویٹ میں کہا کہ مقبوضہ جموں وکشمیر کی عوام اقوام متحدہ کے منظور شدہ حق خودارادیت کی جدوجہد میں ہندوستانی غاصبانہ نظام سے نبرد آزما ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام بھارت کے غیر قانونی قبضے سے آزادی کے اپنے خواب کو پورا کرنے کے لیے (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: عالمی برادری کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے: صدر مملکت

حصول آزادی کیلئے کشمیریوں کی لازوال جدوجہد کو سلام پیش کرتے ہیں، مریم نواز

مریم نواز کا مزید کہنا تھا کہ بھارت کشمیر میں ظلم کی ہر حد پار چکا، لیکن آزادی کی آوازیں دبنے کی بجائے مزید بلند ہو رہی ہیں

آزادی کے حصول تک کشمیریوں کا ساتھ دینا ایمان کا حصہ ہے، اللہ تعالیٰ شہدا کے درجات بلند، کشمیریوں کو آزادی کی نعمت عطا فرمائے

لاہور (خصوصی نامہ نگار) مسلم لیگ ن کی سینئر نائب صدر اور چیف آرگنائزر مریم نواز نے کہا ہے کہ آزادی کے حصول کیلئے کشمیریوں کی لازوال جدوجہد کو سلام پیش کرتے ہیں۔ مسلم لیگ ن کی سینئر نائب صدر اور چیف آرگنائزر مریم نواز نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر جاری پیغام میں کہا (بقیہ نمبر 9)

پرویز مشرف کی وفات پر وزیراعظم سمیت دیگر سیاسی رہنماؤں کا اظہار تعزیت

اسلام آباد (خبر نگار) پاکستان کے دسویں صدر جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف دبئی میں طویل علالت کے بعد انتقال کرگئے جس پر وزیراعظم سمیت عسکری و سیاسی رہنماؤں کی جانب سے اظہار (بقیہ نمبر 6)

وزیراعظم آئی ایم ایف کے وفد کے سامنے سجدہ ریز ہوگئے، سراج الحق

ملک اور بالخصوص خیبر پختونخواہ میں بدامنی کے خلاف 8 فروری کو کے پی بچاؤ مارچ ہوگا

کراچی (یو این پی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ وزیراعظم آئی ایم ایف کے وفد کے سامنے سجدہ ریز ہے، اس سے بڑھ کر قوم کی اور کیا تضحیک ہوسکتی ہے۔ آئی ایم ایف قرض نہیں عوام کو زہر دے رہا ہے، اس کی شرائط قبول نہیں، جماعت اسلامی مزاحمت کرے گی۔ 10 جنوری کو (بقیہ نمبر 7)

عالمی برادری کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے، صدر مملکت

یوم یکجہتی کشمیر پر صدر مملکت نے اپنے پیغام میں کہا کہ کشمیریوں کے حق خودارادیت کیلئے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتے ہیں

ہم کشمیری بہن بھائیوں کو بھارتی قبضے کے خلاف کئی دہائیوں پر محیط مزاحمت کے دوران بے لوث قربانیاں دینے پر بھرپور خراج عقیدت پیش کرتے ہیں

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ غیر قانونی زیر قبضہ جموں کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں پر بھارت کا محاسبہ کرے۔ یوم یکجہتی کشمیر پر صدر مملکت نے اپنے پیغام میں کہا کہ کشمیریوں کے حق خودارادیت کیلئے پاکستان کی (بقیہ نمبر 8)

چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی کا کشمیریوں کی جدوجہد آزادی پر خراج تحسین

چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی اور مسلح افواج کے سربراہان نے کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو خراج تحسین پیش کیا ہے

آئی ایس پی آر کا کہنا تھا کہ انسانی حقوق کی پامالی اور ظلم و تشدد کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو نہیں دبا سکتی

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی اور مسلح افواج کے سربراہان نے کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر (نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں کہا کہ حق خود ارادیت کشمیریوں کا حق ہے، مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی قرار دادوں اور بہادر کشمیریوں کی خواہشات کے مطابق حل ہونا چاہیے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا تھا کہ انسانی حقوق کی پامالی اور ظلم وتشدد کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو نہیں دبا سکتی۔ چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی اور مسلح افواج کے سربراہان نے کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر (نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر سماجی رابطے کی ویب (بقیہ نمبر 11)

ڈیرہ میں ویڈیو گیمز اور سنوکر کلبوں پر سرعام جواء ہونے لگا

انتظامیہ کے نوٹس میں لانے کے باوجود کوئی کاروائی عمل میں نہ لائی جاسکی

ڈیرہ اسماعیل خان (یو این پی) ڈیرہ میں ویڈیو گیمز اور سنوکر کلبوں پر سرعام جواء ہونے لگا انتظامیہ خاموش تماشائی۔ انتظامیہ کے نوٹس میں لانے کے باوجود کوئی کاروائی عمل میں نہ لائی جا (بقیہ نمبر 10)

ملتان: عمران نے پاکستان کو ہر جگہ نقصان پہنچایا، اس کو نہیں چھوڑیں گے: مریم نواز

سابق صدر جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف انتقال کر گئے

سابق صدر پرویز مشرف طویل عرصے سے امریکن ہسپتال دبئی میں زیر علاج تھے

اسلام آباد/دبئی (نامہ نگار) سابق صدر جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف انتقال کرگئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پاکستان کے سابق صدر اور سابق آرمی چیف جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف متحدہ (بقیہ نمبر 13)

پاکستان سے خصوصی طیارہ میت لینے آج (سوموار) دبئی جائے گا، صاحبزادہ بلال مشرف

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ذرائع کے مطابق پاکستان سے خصوصی طیارہ میت لینے ”آج ”سوموار دبئی جائے گا اور طیارہ نور خان ائیربیس سے المختوم ائیرپورٹ پہنچے گا۔ سابق صدر پرویز مشرف کے صاحبزادے بلال مشرف بھی دبئی پہنچ رہے ہیں جبکہ ان کی اہلیہ صہبا مشرف پہلے ہی دبئی میں موجود ہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ برس جون میں بھی سابق صدر کی بیماری اور انتقال کی خبریں سوشل (بقیہ نمبر 12)

سابق رکن قومی اسمبلی خواجہ سہیل پیپلز پارٹی سے جاملے

پیپلز پارٹی میں شمولیت پر خوش آمدید کہتا ہوں، سعید غنی

کراچی (یو این پی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان سے تعلق رکھنے والے سابق رکن قومی اسمبلی خواجہ سہیل منصور نے پیپلز پارٹی میں شمولیت باقاعدہ شمولیت کا اعلان کردیا۔ پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے رہنماؤں نے پریس کانفرنس کی جس دوران خواجہ سہیل نے پی پی پی میں پانی شمولیت (بقیہ نمبر 14)

اوچھے ہتھکنڈوں کے باوجود ہمارے حوصلے اور عزم متزلزل نہیں ہوگا‘ جمشید اقبال چیمہ

لاہور (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما، فوکل پرسن فوڈ سکیورٹی و خصوصی اقدامات جمشید اقبال چیمہ نے کہا ہے کہ امپورٹڈ ٹولے نے جتنے اوچھے ہتھکنڈے اختیار کرنے ہے (بقیہ نمبر 18)

پرویز مشرف بہت بڑے انسان تھے: فواد چوہدری

سابق صدر جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف 79 برس کی عمر میں دبئی میں انتقال کر گئے

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما فواد چوہدری نے کہا ہے کہ پرویز مشرف انتقال کر گئے، وہ بہت بڑے انسان تھے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ (بقیہ نمبر 19)

ملتان: عمران خان جیل بھرو تحریک شروع کرو، تمہارا علاج میں کروں گا: رانا ثناءاللہ

آئیسکو ریجن سے بجلی چوری کا خاتمہ اولین مشن ہے، ڈاکٹر محمد امجد خان

بجلی چوروں کو 4 کروڑ 23 لاکھ سے زائد کے جرمانے کئے گئے، چیف ایگزیکٹو آئیسکو ڈاکٹر محمد امجد خان

متعلقہ صارفین کو 16 لاکھ 60 ہزار یونٹس کی مد میں 4 کروڑ 23 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) بجلی چوری یقینی طور پر مذہبی، اخلاقی اور قومی جرم ہے جس کی جس قدر مذمت کی جائے کم ہے۔ بجلی چوری کے خاتمے کیلئے آئیسکو ریجن میں بلا تفریق اور بھرپور کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے جس کی براہ راست نگرانی چیف ایگزیکٹو آئیسکو ڈاکٹر محمد امجد (بقیہ نمبر 15)

اوورسیز پاکستانی سے لاکھوں فراڈ، سائبر کرائم ونگ ملزم نہ پکڑ سکا

جعلی فیس بک آئی ڈی بنا کر چیک سے پیسے وصول کر لئے، ثبوت دینے کے باوجود حکام مجرم پکڑنے سے گریزاں

16 ماہ میں گم کیئے گئے ڈاکومنٹس اور ثبوت دوبارہ دے دیئے، عبدالسلام صدیقی کی وزیراعظم /وزیر داخلہ سے نوٹس لینے کی اپیل

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) ایف آئی اے سائبر کرائم ونگ اوورسیز پاکستانی سے لاکھوں روپے کا فراڈ کرنے والے مجرموں کو ڈیڑھ سال گزرنے کے باوجود گرفتار کرنے میں کامیاب نہیں ہوسکا۔ تفتیشی نے تمام ثبوت گم کرکے فائل گم کردی جس پر مدعی نے تمام ڈاکومنٹس اور ثبوت دوبارہ مہیا (بقیہ نمبر 20)

سکیورٹی خدشات کے پیش نظر پشاور میں دفعہ 144 نافذ

ضلعی انتظامیہ نے 5 لوگوں سے زیادہ کے اجتماع پر پابندی عائد کردی

پشاور (یو این پی) صوبہ خیبر پختونخوا میں سکیورٹی خدشات کے پیش نظر پشاور میں دفعہ 144 نافذ کردی گئی، ضلعی انتظامیہ نے 5 لوگوں سے زیادہ کے اجتماع پر پابندی عائد کردی، خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق صوبے میں امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ نے پشاور میں دفعہ 144 نافذ کی ہے، اس حوالے سے اعلامیہ بھی جاری کردیا گیا، جس میں کہا گیا ہے کہ دفعہ 144 کے تحت 5 لوگوں سے زیادہ کے اجتماع پر پابندی عائد کی گئی ہے، 10 دن تک دفعہ 144 لگانے کا فیصلہ موجودہ سیکورٹی حالات کے پیش نظر کیا گیا، جس کی خلاف ورزی کر (بقیہ نمبر 17)

راولپنڈی: چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی کا کشمیریوں کی جدوجہد آزادی پر خراج تحسین

درسی کتب اور تمام اقسام کی اسٹیشنری کی قیمتوں میں بے پناہ اضافہ کردیا گیا

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) فیصل آباد سمیت پنجاب بھر میں تمام اقسام کے کاغذ کی قیمت میں 200 فیصد سے زائد اضافہ کے باعث درسی کتب اور تمام اقسام کی اسٹیشنری کی قیمتوں میں بے پناہ اضافہ کردیا گیا۔ ڈالر کی مسلسل اونچی اڑان کے باعث تمام اقسام کے کاغذ کی قیمت میں 200 فیصد (بقیہ نمبر 16)

گجرات میں جائیداد بچانے کیلئے سنگ دل باپ اور دادا نے 9 ماہ کی بچی قتل کردی

گجرات (یو این پی) صوبہ پنجاب کے شہر گجرات میں جائیداد بچانے کیلئے سنگ دل باپ اور دادا نے 9 ماہ کی بچی قتل کردی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق گجرات میں مبینہ بطور پر باپ اور دادا نے 9 ماہ کی بچی کو قتل کردیا، قتل کے اس مقدمے میں (بقیہ نمبر 26)

ہندوستان کے ساتھ تمام معاہدے منسوخ کرے، لیاقت بلوچ

لیاقت بلوچ، شیخ عقیل الرحمان، ڈاکٹر محمد مشتاق، لطیف عباسی، شمشیر خان کا خطاب

مظفرآباد (یو این پی) جماعت اسلامی پاکستان کے مرکزی نائب امیر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ مستند عالمی دہشت گرد نریندر مودی ظالمانہ اور متعصبانہ اقدامات کے ذریعے کشمیریوں کی نسل کشی کر رہا ہے مقبوضہ جموں وکشمیر کے مسلم تشخص پر وار کر کے غیر ریاستی انتہا پسند ہندوں کو ڈومیسائل جاری کر کے عالمی قوانین کی دھجیاں بکھیر رہا ہے 15 لاکھ قابض افواج نے مقبوضہ جموں وکشمیر کو کھلی جیل میں (بقیہ نمبر 24)

لاکھوں کشمیری شہدا کا خون رنگ لائے گا‘ مولانا علیم الدین شاکر

ہمارا ایمان ہے ظلم کی سیاہ رات زیادہ دیر برقرار نہیں رہ سکتی

لاہور (یو این پی) خلیفہ مجاز سید نفیس الحسن شاہؒ، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت لاہور کے ناظم اعلیٰ، مہتمم جامعہ فاطمۃ الزاہرا للبنات مولانا علیم الدین شاکر نے کہا ہے کہ کشمیریوں کے شوق شہادت (بقیہ نمبر 27)

ہم کشمیری عوام کے ساتھ کھڑے ہیں، رانا تنویر حسین

مقبوضہ کشمیر میں بھارت کے ہاتھوں انسانی حقوق کی پامالیوں کا سامنا ہے

ہمیں متحد ہو کر کشمیریوں کے روشن مستقبل کے لیے جدوجہد کرنا ہوگی

اسلام آباد (یو این پی) نجی تعلیمی اداراجات ریگولیٹری اتھارٹی (آئی سی ٹی پیرا) کی خصوصی ہدایات پر اسلام آباد کے نجی سکولوں اور کالجوں میں یوم یکجہتی کشمیر منایا گیا جس میں کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی اور بیداری پیدا کرنے اور کشمیریوں کی حمایت کے لیے تقاریر و مضامین سمیت خصوصی (بقیہ نمبر 25)

پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی راولپنڈی یوم کشمیر کے موقع پر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی ریلی نکالی گئی

راولپنڈی تا مری روڈ ریلی نکالی گئی۔ ریلی کی قیادت ڈائریکٹر ایڈمن و فنانس نے کی جس میں افسران اور سٹاف نے شرکت کی

بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے اقدامات سے خطہ میں آمن کو خطرہ ہے کشمیریوں پر بھارتی مظالم کی شدید مذمت کرتے ہیں

پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی راولپنڈی، یوم کشمیر کے موقع پر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی، کیلئے پریس کلب راولپنڈی تا مری روڈ ریلی نکالی گئی

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی راولپنڈی کی جانب سے یوم کشمیر کے موقع پر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے پریس کلب راولپنڈی تا مری روڈ ریلی نکالی گئی۔ ریلی کی قیادت ڈائریکٹر ایڈمن و فنانس نے کی جس میں افسران اور سٹاف نے شرکت کی۔ بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے اقدامات سے خطہ میں آمن کو خطرہ ہے کشمیریوں پر بھارتی مظالم کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی راولپنڈی کے زیر اہتمام یوم کشمیر کے موقع پر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لئے پریس کلب راولپنڈی سے مری روڈ تک ریلی نکالی گئی۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر (بقیہ نمبر 28)

شہر بھر میں ہوٹلز اور فوڈ پوائنٹس شہریوں میں موت بانٹنے لگے

خیبر پختونخوا فوڈ اتھارٹی اور ضلعی انتظامیہ نے شہریوں کو ملاوٹ مافیا کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا

مچھلی، برگر، پیزا، شوارما، کڑاہی گوشت اور دیگر کھانے کھا کر شہری موذی امراض کا شکار ہونے لگے

ڈیرہ اسماعیل خان (یو این پی) شہر بھر میں ہوٹلز اور فوڈ پوائنٹس شہریوں میں موت بانٹنے لگے۔ خیبر پختونخوا فوڈ اتھارٹی اور ضلعی انتظامیہ نے شہریوں کو ملاوٹ مافیا کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا۔ مچھلی، برگر، پیزا، شوارما، کڑاہی گوشت اور دیگر کھانے کھا کر شہری موذی امراض کا شکار ہونے لگے۔ شہریوں نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سے فوری نوٹس لے کر ملاوٹ مافیا کے خلاف کارروائی اور خیبر پختونخوا فورڈ اتھارٹی و ضلعی انتظامیہ کو خواب خرگوش سے بیدار کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق شہر بھر (بقیہ نمبر 29)

اظہار تعزیت

سربراہ پاک فضائیہ کا سابق صدر جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف کی وفات پر اظہار تعزیت

سربراہ پاک فضائیہ ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے پاکستان کے سابق صدر جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔ ائیر چیف نے اپنے تعزیتی پیغام میں مرحوم کے ایصال ثواب اور ان کے خاندان کو یہ دکھ صبر وہمت سے برداشت کرنے کی توفیق کی دعا کی۔

پاکستان ائیر فورس

Website: paf.gov.pk
Facebook: facebook.com/DGPR.PAF
Twitter Account: @DGPR_PAF

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

عوامی للکار

ایڈیٹوریل پیج

فواد چوہدری کے خلاف کارروائی

پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری کو گرفتار کر کے اسلام آباد منتقل کر دیا گیا۔ انہیں منگل اور بدھ کی درمیانی رات الیکشن کمیشن کی جانب سے درج کرائے گئے مقدمے میں اسلام آباد پولیس نے لاہور میں ان کی رہائش گاہ سے گرفتار کیا تھا۔ واضح رہے کہ سیکرٹری الیکشن کمیشن عمر حمید کی درخواست پر تھانہ کوہسار میں ان کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا تھا جس میں 153۔اے، 124۔اے، 505اور 506 کی دفعات شامل کی گئی ہیں۔ گرفتاری کے بعد بدھ کی صبح فواد چوہدری کو جوڈیشل مجسٹریٹ کینٹ کی عدالت میں پیش کیا گیا جنہوں نے راہداری ریمانڈ منظور کرتے ہوئے انہیں اسلام آباد کی متعلقہ عدالت میں پیش کرنے کا حکم دیا۔ عدالتی حکم پر سروسز ہسپتال کے میڈیکل بورڈ نے فواد چوہدری کا معائنہ کیا اور طبی طور پر انہیں مکمل صحت مند قرار دیتے ہوئے سفر کی اجازت دے دی۔ عدالت میں پیشی کے موقع پر فواد چوہدری نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ انہیں دہشت گردوں کی طرح عدالت میں پیش کیا گیا ہے، جو مقدمہ درج ہوا اس پر فخر ہے، نیلسن منڈیلا پر بھی یہی مقدمہ تھا، انہوں نے آرمی چیف، ڈی جی آئی ایس آئی اور چیف جسٹس پاکستان سے گرفتاری کا نوٹس لینے کی اپیل بھی کی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ زیادتی کے خلاف بولنا بغاوت نہیں ہے، یہاں لوگوں کے منہ بند کیے جا رہے ہیں، الیکشن کمیشن آف پاکستان پر ہمیں شدید اعتراضات ہیں جنہیں سنا جانا چاہئے۔ تحریک انصاف نے لاہور ہائیکورٹ میں فواد چوہدری کی بازیابی کے لیے درخواست دائر کی تھی لیکن لاہور ہائیکورٹ نے ان کی گرفتاری کو غیر قانونی قرار دینے سے انکار کرتے ہوئے درخواست خارج کر دی۔ کیس کی سماعت کے دوران فاضل جج نے ریمارکس دیئے کہ فواد چوہدری کے خلاف مقدمہ اسلام آباد میں درج کیا گیا ہے اِس لئے ایف آئی آر خارج کرنے کا اختیار بھی اسلام آباد ہائیکورٹ کے پاس ہے۔ فواد چوہدری کو جب اسلام آباد لے جایا جا رہا تھا تو کالا شاہ کاکو ٹول پلازہ پر تحریک انصاف کے رہنما فرخ حبیب نے پولیس کی گاڑی روکنے کی کوشش کی، یہ کوشش تو کامیاب نہ ہوئی البتہ سوشل میڈیا پر ان کی ویڈیو ضرور وائرل ہوگئی جس میں وہ تن تنہا پولیس سے ٹکراتے نظر آ رہے تھے۔ اسلام آباد پہنچنے پر فواد چوہدری کو ایف ایٹ کچہری میں ڈیوٹی مجسٹریٹ نوید خان کی عدالت میں پیش کیا گیا، دوران سماعت تفتیشی افسر نے آٹھ دن کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان) ای سی پی (کے وکیل سعد حسن نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ ای سی پی آئینی ادارہ ہے جس کے پاس انتخابات کرانے کے تمام اختیارات ہیں، سوچے سمجھے منصوبے کے تحت اِسے ٹارگٹ کیا جا رہا ہے، فواد چوہدری کی تقریر کا مقصد لوگوں کو اکسانا تھا، الیکشن کمیشن کے خلاف نفرت کو فروغ دینا تھا، فواد چوہدری نے الیکشن کمیشن ممبران کے گھر والوں تک پہنچنے کی دھمکی بھی دی تھی۔ فواد چوہدری نے عدالت میں بیان دیتے ہوئے کہا کہ ان پر مقدمے میں بغاوت کی دفعہ بھی لگا دی گئی ہے، ان کے خلاف تو مقدمہ بنتا ہی نہیں ہے۔ دونوں اطراف کے دلائل سننے کے بعد ڈیوٹی مجسٹریٹ نے کچھ دیر کے لیے فیصلہ محفوظ کرلیا، بعدازاں ان کا دو روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کرلیا گیا۔ اسلام آباد پولیس کے مطابق پی ٹی آئی رہنما نے الیکشن کمیشن کو فرائضِ منصبی سے روکنے کے لئے ڈرایا دھمکایا جس پر مقدمے میں ان پر چار دفعات لگائی گئی ہیں جن میں سے ایک دفعہ 124اے ہے جو وفاقی یا صوبائی حکومت یا کسی ادارے کے خلاف بغاوت انگیز تقریر کرنے یا اِن اداروں کی توہین کرنے پر لگتی ہے اور اِس کے تحت عمر قید تک کی سزا سنائی جا سکتی ہے۔ فواد چوہدری کی گرفتاری پر تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان نے میڈیا کے ذریعے قوم سے پر جوش خطاب کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ موجودہ سیٹ اپ ملک کو تباہی کی طرف لے کر جا رہا ہے، عدلیہ ان کے بنیادی حقوق کی حفاظت کرے، تاریخ جسٹس منیر کو نہیں بھولی، جج جمہوریت بچائیں اور عوام کے حقوق کی حفاظت کریں۔ دوسری طرف وزیر اطلاعات و نشریات مریم اورنگزیب نے اِس گرفتاری کو غیر سیاسی قرار دیا، ان کے مطابق فواد چوہدری نے الیکشن کمیشن کے ممبران اور ان کے بچوں کو کھلے عام دھمکیاں دیں، یہ مقدمہ کسی سیاسی جماعت نے نہیں بلکہ سیکرٹری الیکشن کمیشن نے درج کرایا ہے۔

دہشت گردی اور قومی سلامتی

محمد معاذ قریشی

ہمارا ملک ایک بار پھر دہشت گردی کی لہر کی زد میں ہے، عوام کو تحفظ فراہم کرنے والے ایک بار پھر ملک دشمن عناصر کے حملے کا نشانہ بن گئے۔ یہ یقیناً ایک ٹارگٹ کلنگ تھی جس میں پولیس نشانے پر تھی، پشاور پولیس لائنز جیسے محفوظ اور مصروف علاقے کی مسجد میں خودکش دھماکہ یقیناً سکیورٹی لیپس کا نتیجہ تھا دو باتیں واضح ہوئیں۔ ایک یہ کہ ہماری سکیورٹی کی تیاریوں میں ایسی کمی ضرور ہے کہ دہشت گردوں کا مقابلہ کیا جاسکے۔ دوسری یہ کہ دہشت گرد اب پہلے سے زیادہ تیز، ہوشیار اور موقعہ شناس ہو چکے ہیں اور ہماری تیاریاں ان کی نظروں میں ہیں وہ جہاں سکیورٹی میں کوئی سقم دیکھتے ہیں حملہ کر دیتے ہیں، یہ سوال اہم ہے کہ آخر پولیس نے اس قدر حساس علاقے کی حفاظت سے اس قدر کوتاہی کیسے برتی کہ خودکش حملہ آور پہلے پولیس لائنز کے علاقے میں داخل ہوا، مسجد میں پہنچا اور پھر وہ دھماکہ کرنے میں بھی کامیاب ہوگیا۔ صورت حال جو بھی تھی اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ پولیس اس واقعے کو رونما ہونے سے روکنے میں ناکام رہی۔ خودکش حملہ آور کا اس مقام تک پہنچ جانا صرف پولیس کی کارکردگی اور حفاظتی تیاریوں پر ہی سوال ہی نہیں اٹھاتا بلکہ پیشگی اطلاعات کے نظام یعنی انٹیلی جنس شیئرنگ کے نظام پر بھی یہ ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ پہلے تحریک طالبان پاکستان نے اس واقعے کی ذمہ داری قبول کی لیکن پھر یہ موقف واپس لے لیا گیا، لیکن یہ سوال اپنی جگہ موجود ہے کہ اگر یہ حملہ ٹی ٹی پی والوں نے نہیں کیا تو پھر یہ کس نے کیا ہے؟ ایک اور اہم بات یہ ہے کہ دہشت گردی کی یہ تازہ لہر اس امر کی جانب اشارہ ہے کہ ہماری دو پالیسیاں کام نہیں کر رہی ہیں۔

پہلی، افغانستان کے بارے میں ہماری پالیسی اس طرح بار آور ثابت نہیں ہوئی جس طرح ہونی چاہئے تھی۔ اس حقیقت سے کون واقف نہیں کہ پاکستان نے سوویت یونین کے قبضے کے خلاف افغان مجاہدین کے ساتھ مل کر جنگ لڑی، سوویت یونین کی پسپائی اور خاتمے کے بعد پاکستان نے افغانستان میں ایک مستحکم اور پائیدار حکومت کے قیام کے لئے انتھک کام کیا اور افغان مجاہدین کے مختلف دھڑوں کے درمیان تصفیے کرانے کی سرتوڑ کوشش کی۔ نائن الیون کے بعد جب امریکہ نے افغانستان پر حملہ کیا اور افغان طالبان کی پسپائی کے بعد وہاں حامد کرزئی کی قیادت میں نئی حکومت قائم کی گئی تو خود مالی مسائل کا شکار ہونے کے باوجود پاکستان نے افغانستان کی دامے، درمے، سخنے، غرض ہر طرح سے حمایت اور مدد کی تھی۔ پاکستان لاکھوں افغان مہاجرین کو چار دہائیوں سے پناہ دیئے ہوئے ہے جبکہ افغانستان کو میدان جنگ بنانے والی قوتوں نے اپنا کام مکمل ہونے کے بعد پیچھے مڑ کر دیکھنا بھی گوارا نہیں کیا۔ اب بھی جبکہ عالمی برادری کی مخالفت کے باوجود افغانستان میں افغان طالبان حکومت قائم کئے ہوئے ہیں تو یہ پاکستان ہی ہے جو مسلسل ان کی مدد اور حمایت کر رہا ہے، لیکن دوسری طرف صورت حال یہ ہے کہ پاکستان کے بارے میں وہاں سے کوئی اچھی خبر نہیں ملتی، الٹا حملے ہی ہوتے ہیں۔ طالبان سے امریکہ نے یہ شرط منوائی تھی کہ وہ افغانستان میں وسیع البنیاد حکومت قائم کریں گے لیکن ایسی کسی حکومت کے قیام کا امکان بھی نظر نہیں آتا۔

دوسرے، دہشت گردی کے خلاف بھی ہماری پالیسی کارگر ثابت نہیں ہوئی۔ ہم نے شمالی اور جنوبی وزیرستان اور کئی دوسرے علاقوں میں مسلح آپریشن کئے جس کے بعد دہشت گردی کچھ کم ہوگئی تھی، اور ہم نے سمجھ لیا کہ دہشت گردوں پر مکمل قابو پا لیا گیا ہے، حالانکہ ایسا نہیں تھا۔ دہشت گردی کم ضرور ہوئی، مکمل طور پر ختم نہیں ہوئی تھی۔ سب دیکھ رہے ہیں کہ ایک نئی لہر پیدا ہوگئی ہے۔ 2014 میں پشاور کے آرمی پبلک سکول پر حملہ ہوا تھا تو سب نے مل بیٹھ کر فیصلہ کیا تھا کہ دہشت گردی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ اس وقت بیس نکات پر مبنی نیشنل ایکشن پلان بھی مرتب کیا گیا تھا۔ سب کو یقین تھا کہ اس پلان پر عمل درآمد کرنے سے ہمیں دہشت گردی کے عفریت سے مکمل طور پر نجات مل جائے گی، لیکن شاید اس ایکشن پلان پر ٹھیک طرح سے عمل نہیں کیا گیا۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارا ملک ایک بار پھر دہشت گردی کی زد پہ ہے اور ہم سب ایک بار پھر سر جوڑ کر بیٹھے ہیں کہ کس طرح دہشت گردوں سے نجات حاصل کی جائے۔ میرے خیال میں ہمیں افغانستان کے بارے میں اپنی پالیسی پر نظر ثانی کرنی چاہئے اور اس کے ساتھ ساتھ دہشت گردی کے بارے میں بھی ایک نیا ایکشن پلان مرتب کیا جانا چاہئے۔

ایک اور کام یہ کرنا ہوگا کہ ہمیں اب کسی بھی عالمی طاقت کا آلہ کار اور کسی بھی مہم میں فرنٹ لائن سٹیٹ کا کردار ادا کرنے سے توبہ کرنی چاہئے۔ دیکھ لیں کہ ہم کہاں کھڑے ہیں اور وہ طاقتیں کہاں ہیں، جن کے لئے ہم پلکیں بچھاتے رہے۔ کیا وزیر دفاع خواجہ آصف کا یہ کہنا سو فیصد درست نہیں ہے کہ ہمیں سپر پاور کا آلہ کار بننے کا شوق ہے، ہمیں اپنی خود احتسابی کرنا ہو گی، ہم نے اپنا ملک سارے کا سارا گروی رکھ دیا ہے۔ اور ان کا یہ کہنا کیا غلط ہے کہ افغانستان میں لڑی جانے والی جنگ، ہماری دہلیز پر آ گئی، دہشت گردی کے بیج ہم نے خود بوئے ہیں۔ مجھے یاد ہے کہ نائن الیون کے بعد جب پاکستان کے امریکہ کے ساتھ نئے تعلقات قائم ہو رہے تھے تو امریکی صدر جارج بش جونیئر نے کہا تھا کہ اس بار پاکستان کے ساتھ دیرپا تعلقات قائم کئے جائیں گے۔ پھر جب امریکہ کے افغانستان میں مفادات پورے ہو گئے تو ہم نے یہ تک سنا کہ امریکہ کو افغان طالبان کے ساتھ بات کرنے کے لئے کسی کی مدد کی ضرورت نہیں۔

ایک اہم معاملہ انٹیلی جنس شیئرنگ کا ہے۔ مجھے یہ بھی یاد ہے کہ پرویز مشرف نے اپنی صدارت کے دور میں ایک بار کہا تھا کہ انٹیلی جنس کو اس طرح بہتر بنایا جائے گا کہ کسی جگہ دہشت گردی کا پیشگی پتہ بھی چلایا جا سکے۔ ایسا عملی طور پر ممکن تھا یا نہیں، لیکن یہ بات کیا حیرت کا باعث نہیں کہ تھریٹ الرٹ جاری ہونے کے باوجود ان پر توجہ نہیں دی جاتی حتیٰ کہ دہشت گرد کامیاب ہو جاتے ہیں۔ بیٹھیے جناب، پھر سر جوڑ کر بیٹھئے اور ایسا لائحہ عمل مرتب کیا جائے۔

دہشت گردی کا ناسور

محمد علی یزدانی

پاکستان کا خوبصورت شہر پشاور جو اپنے منفرد ذائقوں والے کھانوں اور باغات کی وجہ سے مشہور تھا اب بدامنی کی وجہ سے جانا جاتا ہے۔ پشاور کی پولیس لائنز میں ہونے والے خودکش دھماکے نے ایک ہی جھٹکے میں درجنوں انسانوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا اور کئی خاندانوں کے چشم و چراغ اس حادثے میں گل ہوگئے، جو یقیناً ایک ناقابل تلافی نقصان ہے، کئی ماں کی گود اجڑ گئی، کئی بچے یتیم ہوگئے۔ یہ پشاور میں ہونے والا کوئی پہلا خودکش حملہ نہیں ہے اس شہر میں خودکش دھماکوں کی ایک طویل تاریخ ہے جو بتاتی ہے کہ کیسے اس شہر کو دہشت گردوں نے انسانوں کے خون سے رنگین کیا ہے۔ پچھلے کچھ عرصے سے ہم سن رہے تھے کہ دہشت گردوں کی کمر توڑ دی گئی ہے اور اب وہ دھماکے اور اس طرح کی دہشت گردانہ کارروائیاں کرنے سے قاصر ہیں لیکن جس طرح سے پشاور میں یہ دھماکہ ہوا اور اس سے قبل خیبر پختونخوا کے شہر بنوں میں سی ٹی ڈی کے دفتر کو نشانہ بنایا گیا اور شمالی وزیرستان میں پاک فوج کے جوانوں پر ہونے والے حملے بتاتے ہیں کہ دہشت گرد ایک بار پھر فعال ہو رہے ہیں یا ہو چکے ہیں اور وہ ایک بار پھر ملک کا امن تباہ کرنے کی تیاریاں کر چکے ہیں۔ اگرچہ اس بم دھماکے کی ذمہ داری ان سطور کے لکھے جانے تک کسی نے قبول نہیں کی تھی اس لئے ہم اس کو کسی تنظیم سے نہیں جوڑ سکتے لیکن جس طرح سے کچھ عرصہ سے پشاور، خصوصا کے پی کے میں دہشت گردی کی کارروائیاں کی جا رہی ہیں کہہ سکتے ہیں کہ اس کے پیچھے غیر ملکی ہاتھ ملوث ہے، جو دہشت گردوں کے بچے کھچے عناصر کو استعمال کر کے پاکستان میں اپنا کھیل کھیلنا چاہتے ہیں۔ نیکٹا کی رپورٹ کے مطابق پشاور میں 11سال کے دوران دہشت گردی کے 526 واقعات جس میں 14خودکش حملے ہوئے جبکہ 410افراد شہید اور 870افراد زخمی ہوئے ہیں۔

یہ اعداد و شمار بتا رہے ہیں کہ ایک سال سے پاکستان میں دوبارہ سے دہشت گردی پروان چڑھانے کیلئے کام ہو رہا ہے اور دہشت گرد اپنے مذموم مقاصد کیلئے انسانوں کو مارنے سے گریز نہیں کر رہے۔ پاک فوج کے جوانوں نے اس سے قبل ہزاروں کی تعداد میں دہشت گردی کیخلاف جنگ میں جانوں کے نذرانے پیش کر کے اس ملک کو امن کا گہوارہ بنایا تھا۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ پاک فوج دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سب سے آگے ہے۔ بلوچستان میں بھارت کی خفیہ سازشوں کو بے نقاب کیا ہے اور وہاں امن کا قیام ممکن بنانے کیلئے ہر ممکن قربانی دی ہے تا کہ پاکستان میں امن کا قیام حقیقی معنوں میں مکمل ہو سکے۔ جب سے افغانستان میں امریکہ کا انخلا ہوا ہے اس کے بعد سے پاکستان میں دہشت گرد دوبارہ فعال ہونے کی کوششیں کر رہے ہیں اور اس کے پیچھے بھارت کی خفیہ ایجنسی کے ساتھ ساتھ امریکی سازش بھی کارفرما ہے یہ دہشت گرد جنہیں افغانستان میں امریکہ نے پناہ دے رکھی تھی اور امریکی آشیرباد سے یہ پاکستان میں کارروائیاں جاری رکھے ہوئے تھے اب انہیں ایک بار پھر یہ ہدف دیا گیا ہے کہ پاکستان کے امن کو تباہ کرنا ہے تا کہ دنیا کو یہ پیغام دیا جا سکے کہ پاکستان پرامن ملک نہیں ہے اس میں ہمسایہ ملک بھارت کی خفیہ ایجنسی را بھی ملوث ہے جو پاکستان میں اپنے سلیپنگ سیلز کے ذریعے اس طرح کی کارروائیاں کرنے کیلئے مشہور ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ سیاست دانوں کو اپنی سیاسی لڑائیاں چھوڑ کر ملک کے امن کیلئے ایک ہونا ہوگا اور اس میں تمام سیاست دانوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مل کر بیٹھنا ہو گا اور ملک کے معاشی حالات جیسے بھی درست کرنے ہیں اس میں جس کا جو بھی کردار ہے وہ ادا کریں تا کہ دہشت گردوں کو ہماری آپس کی سیاسی لڑائیوں کی وجہ سے مواقع نہ ملیں کیوں کہ جب بھی ہم نے کمزور دکھائی یا آپس میں الجھے ہیں تو اس کا فائدہ ہمیشہ دہشت گردوں نے اٹھایا ہے اور پھر عالمی طاقتیں بھی یہ چاہتی ہیں کہ پاکستان میں دہشت گردی کا عنصر برقرار رہے تا کہ ان کے مظالم اور دنیا میں اسلام فوبیا اور مسلمان فوبیا سے نظریں ہٹائی جا سکیں۔ جیسے کہ سویڈن اور ڈنمارک میں قرآن پاک کو جلانے کی ناپاک جسارت کی گئی ہے۔

سب سے بڑی دہشت گردی تو یہ ہے جس پر عالمی دنیا کی آنکھیں کھلنی چاہئیں کہ مذہب اسلام کی مقدس ترین کتاب کو جلا دیا گیا لیکن اس کے باوجود ان جلانے والوں کو دہشت گرد قرار نہیں دیا جا رہا۔ ہمارے سیاست دانوں کو حکمرانوں کو اور طاقتور حلقوں کو چاہئے کہ ایک تو وہ اس عالمی دہشت گردی کیخلاف یک آواز ہوں تا کہ دنیا کو پیغام جائے کہ مسلمان اپنے مذہب کی حفاظت اور اس کی حرمت کیلئے ایک ہیں اور دوسرا انہیں آپس میں دوبارہ سے سر اٹھانے والی دہشت گردی کو کچلنے کیلئے ایک ہونا ہوگا تا کہ دہشت گردوں کو پاکستان میں پھر سے خون کی ہولی کھیلنے سے روکا جا سکے اسی میں ملک کی سلامتی اور بقا کا راز مضمر ہے۔ جب سے افغانستان میں امریکہ کا انخلا ہوا ہے اس کے بعد سے پاکستان میں دہشت گرد دوبارہ فعال ہونے کی کوششیں کر رہے ہیں اور اس کے پیچھے بھارت کی خفیہ ایجنسی کے ساتھ ساتھ امریکی سازش بھی کارفرما ہے یہ دہشت گرد جنہیں افغانستان میں امریکہ نے پناہ دے رکھی تھی اور امریکی آشیرباد سے یہ پاکستان میں کارروائیاں جاری رکھے ہوئے تھے اب انہیں ایک بار پھر یہ ہدف دیا گیا ہے کہ پاکستان کے امن کو تباہ کرنا ہے تا کہ دنیا کو یہ پیغام دیا جا سکے کہ پاکستان پرامن ملک نہیں ہے اس میں ہمسایہ ملک بھارت کی خفیہ ایجنسی را بھی ملوث ہے جو پاکستان میں اپنے سلیپنگ سیلز کے ذریعے اس طرح کی کارروائیاں کرنے کیلئے مشہور ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ سیاست دانوں کو اپنی سیاسی لڑائیاں چھوڑ کر ملک کے امن کیلئے ایک ہونا ہوگا اور اس میں تمام سیاست دانوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مل کر بیٹھنا ہوگا اور ملک کے معاشی حالات جیسے بھی درست کرنے ہیں اس میں جس کا جو بھی کردار ہے وہ ادا کریں تا کہ دہشت گردوں کو ہماری آپس کی سیاسی لڑائیوں کی وجہ سے مواقع نہ ملیں کیوں کہ جب بھی ہم نے کمزور دکھائی یا آپس میں الجھے ہیں تو اس کا فائدہ ہمیشہ دہشت گردوں نے اٹھایا ہے۔

جاگتی کے خواب

عرفان صدیقی

تھا خواب میں خیال کو تجھ سے معاملہ
جب آنکھ کھل گئی، نہ زیاں تھا نہ سود تھا

ایسا خواب اچھا ہو یا برا، اِنسان کچھ وقت اس سے کھیلتا، تاویلیں تراشتا، تعبیروں کے زائچے بناتا اور پھر بھول جاتا ہے۔ یہ خواب معمولاتِ حیات کی طرح کھلتے مرجھاتے رہتے ہیں۔ اس کے برعکس جاگتی آنکھوں کے خواب بڑے سخت جاں بڑے پُرفریب ہوتے ہیں۔ یہ خواب انسان اپنی آرزوؤں کے بتکدے میں خود تراشتا، اپنی آنکھوں میں بساتا اور پھر الہامی صداقت کی طرح ان پر یقین کرلیتا بلکہ ایمان لے آتا ہے۔ یہ خواب بصارت کا مستقل حصہ بن جاتے ہیں۔ پھر آنکھ جو کچھ بھی دیکھتی ہے، خواب کے اسی محدب عدسے سے دیکھتی ہے۔ سولق و دق صحرا میں بھی نیلگوں سمندر موجیں مارنے لگتے ہیں۔ ادھر انسان خود کاشتہ خوابوں اور خود ساختہ تعبیروں میں مگن رہتا ہے، ادھر انہونیوں کے مگرمچھ دبے پاؤں اس کی طرف بڑھتے رہتے ہیں اور خواب اس وقت ٹوٹتا ہے جب کھونے کو کچھ بھی نہیں بچتا۔ نیند میں چلنا یعنی خواب خرامی بھی خطرناک بیماری ہے لیکن جاگتی آنکھوں کے خواب ایسا مرض ہے جو سرطان کی طرح سب کچھ چاٹ جاتا ہے اور خبر تک نہیں ہوتی۔ عمران خان کی ساری سیاست، جاگتی آنکھوں کے خود تراشیدہ خوابوں اور پرفریب تعبیروں کے پابرہنہ تعاقب کی دلچسپ کہانی ہے۔ کسی خاص لمحے کوئی خواب اپنے سنہری پر پھڑ پھڑاتا کسی شاخِ آرزو سے اڑتا اور ان کی جاگتی آنکھوں میں بسیرا کرلیتا ہے۔ پھر انہیں راستے کی رکاوٹیں اور سنگلاخ زمینی حقیقتیں، کچھ بھی دکھائی نہیں دیتا۔ منزلِ مقصود کی بنی سنوری حسینہ ان کے دل میں قیامت بپا کردیتی ہے۔

تحریکِ انصاف بننے کے صرف تین سال بعد، 1999 میں، مارشل لا کا ناقوس بجتے ہی انہوں نے ایک خواب تراشا اور پرویز مشرف کی سپاہ کا حصہ بن گئے۔ جاننے میں تین برس لگ گئے کہ یہ لاحاصلی کا کھیل تھا۔ 2011 میں مارگلہ کی پہاڑیوں سے اترتی ہواؤں نے ان کی جاگتی آنکھوں میں ایک نئے خواب کی جوت جگائی۔ نونہالانِ سوشل میڈیا، دانشورانِ خوش گماں اور تجزیہ کارانِ آتش بیاں نے ان کی آنکھوں میں ایسا سرمہ نوربصر بھر دیا کہ 2013 کے انتخابات سے پہلے ہی انہوں نے خود کو وزیراعظم کی مسند پر فائز کرلیا۔ ایسا نہ ہوا تو ان کے شورِ ماتم نے آسمان سر پہ اٹھالیا۔ خان صاحب کی بے کلی بڑھی تو ایک خواب لندن میں تراشا گیا۔ چودھری برادران اور علامہ طاہر القادری بھی اپنی اپنی سرمہ دانیاں لئے پہنچ گئے۔ 2014 میں اسلام آباد کی شاہراہِ دستور پر ایک سرکس لگا۔ امپائر کی انگلی، شاخِ گل کی طرح خواب میں تھرکتی رہی لیکن عملاً نہ اٹھی۔ 2018 میں ان کی جاگتی آنکھوں کے خواب نے تعبیر پائی لیکن سب جانتے ہیں کہ کن سکھیوں سہیلیوں نے مشاطگی کی، عروسِ خواب کی مانگ میں سیندور بھرا، ہاتھوں میں مہندی رچائی، ماتھے پہ کامرانی کا جھومر سجایا اور وزیراعظم ہاؤس کے حجلۂ عروسی میں لا بٹھایا۔ یہ الگ داستان ہے کہ آج وہ سکھیاں سہیلیاں بھی اپنے پراگندہ بالوں میں راکھ ڈالے بین کر رہی ہیں۔

2022 میں جب خان صاحب کو لگا کہ ناؤ ڈگمگانے لگی ہے تو خود فریبی کی گپھا سے ایک اور خواب نے انگڑائی لی۔ میں ناقابلِ تسخیر ہوں۔ میں امریکی سائفر سے کھیلوں گا۔ بندے خرید لوں گا۔ تحریک عدم اعتماد ایوان میں نہیں لگنے دوں گا۔ قاسم سوری سے رولنگ دلا کر اسے ناکارہ بنادوں گا۔ یہ بھی نہ ہو پایا تو اسمبلی توڑ دوں گا۔ خان صاحب نے یہ سب کچھ کیا لیکن کچھ بھی نہ ہوا۔

ابھی اِس جواں مرگ خواب کا کفن بھی میلا نہ ہوا تھا کہ جاگتی آنکھوں میں ایک نئے خواب کا غنچہ پھوٹا۔ میں عوامی طاقت کے بل پر انقلاب لاؤں گا۔ چوروں اور ڈاکوؤں کی حکومت گرا کر دم لوں گا۔ نئے انتخابات کراؤں گا۔ اِنہیں مرضی کا آرمی چیف نہیں لگانے دوں گا۔ دانش کہہ رہی تھی کہ اسمبلی میں رہو۔ صرف دو تین ووٹوں کی برتری رکھنے والی ڈھلمل مخلوط حکومت کا ناطقہ بند کئے رکھو۔ لیکن جاگتی آنکھوں کی خودفریبی کچھ اور کہہ رہی تھی۔ خان صاحب نے اجتماعی استعفے دیئے۔ عوام کو اکسایا، جلسوں، جلوسوں، دھرنوں، لانگ مارچوں کی چتا سلگائی۔ جھنجھلاہٹ میں پنجاب اور خیبر پختونخوا کی اسمبلیاں توڑ دیں۔ اب جاگتی آنکھوں میں ایک نئے خواب کا سراب آ بسا ہے۔ میں مقبول ہوں۔ انتخابات میں دوتہائی اکثریت حاصل کروں گا۔ دلیل یہ ہے کہ اکتوبر 2022 کے ضمنی انتخابات میں، میں نے حریفوں کو شکست فاش دے دی تھی۔ حقیقت یہ ہے کہ 71فی صد عوام نے اِن انتخابات کا بائیکاٹ کیا۔ صرف 29 فی صد پولنگ ہوئی۔ پنجاب میں قومی اسمبلی کے تین حلقوں میں انتخابات ہوئے۔ ایک میں پی ٹی آئی ہار گئی۔ دو میں خان صاحب جیت گئے۔ انہوں نے 190226اور مسلم لیگ)ن (کے امیدواروں نے 155445ووٹ حاصل کئے۔ تب پنجاب میں پی۔ ٹی۔ آئی کی حکومت تھی اور ڈسکہ کی دھند والے سارے فن کار مورچوں پہ تھے۔ اب جاگتی آنکھیں اسی فتح مبین سے مستقبل کے خواب بن رہی ہیں۔ کراچی کے بلدیاتی انتخابات نے بھی کچھ نہیں بگاڑا۔ تازہ ترین صورت حال یہ ہے کہ وفاقی اور صوبائی اسمبلیوں سے مستعفی ارکان، خان صاحب کی حکمت وفراست کا سیاپا کر رہے ہیں۔ پرویز الٰہی ٹھٹھہ اڑانے، جلے کٹنے اور دشنام کرنے میں لگے ہیں۔ امریکی سائفر کا بیانیہ جو بائیڈن اور حسین حقانی سے ہوتا ہوا محسن نقوی تک آن پہنچا ہے۔ فیڈرل لاجز کے سو سے زیادہ کمرے خالی کرائے جا رہے ہیں۔ قصرِ بنی گالہ کے گرد و پیش صف بستہ سکیورٹی گارڈز خیبر پختونخوا سدھار گئے ہیں۔ خان صاحب خود اختیاری نظر بندی میں چلے گئے ہیں۔ ان کا سارا جہاد سرِ شام دو جھنڈوں کے درمیان بیٹھ کر بے ربط تقریروں تک محدود ہو کر رہ گیا ہے۔ بنی گالہ کے پُرفضا ماحول کے خواب تو حسین و دلکش تھے، زمان پارک کی گھٹن میں جاگتی آنکھوں میں اب ڈرانے خواب اترنے لگے ہیں۔

شوبز SHOWBIZ

ماہرہ خان نے اپنی پرانی تصاویر شیئر کر دیں

ماہرہ خان اپنے مداحوں کے ساتھ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے ذریعے رابطے میں رہتی ہیں

کراچی (شوبز نیوز) بین الاقوامی شہرت یافتہ پاکستانی اداکارہ ماہرہ خان نے اپنی پرانی اور ان دیکھی تصاویر مداحوں کے ساتھ شیئر کر دیں۔ اداکارہ ماہرہ خان اپنے مداحوں کے ساتھ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے ذریعے رابطے میں رہتی ہیں جہاں وہ آئے روز اپنی تصاویر یا کام سے متعلق فینز کو آگاہ کرتی ہیں۔ ماہرہ خان نے اب سماجی رابطے کی سائٹ انسٹاگرام اسٹوریز پر پرانی فوٹو البم میں محفوظ کی گئی اپنی تصاویر شیئر کیں جن میں وہ اپنی دوستوں اور رشتے داروں کے ساتھ موجود ہیں۔

فیروز خان کا وکیل منیب بٹ کیخلاف ایف آئی اے پہنچ گیا

موقع پر منیب بٹ نے فیروز کو مشورہ دیا تھا کہ وہ اپنا وکیل) فائق علی (تبدیل کرے

کراچی (شوبز نیوز) پاکستانی اداکار فیروز خان کے وکیل نے ایف آئی اے میں منیب بٹ کیخلاف ہتک عزت کی شکایت درج کرادی۔ فائق علی جاگیرانی نے ایف آئی اے سے مطالبہ کیا ہے کہ منیب بٹ کے خلاف ہتک عزت کی ایف آئی آر کاٹی جائے۔ فیروز خان کی جانب سے ساتھی فنکاروں کے خلاف قانونی نوٹسز بھجوانے اور ان کی نجی معلومات ظاہر کرنے شدید تنقید کی گئی تھی۔ اس موقع پر منیب بٹ نے فیروز کو مشورہ دیا تھا کہ وہ اپنا وکیل) فائق علی (تبدیل کرے، کیوں کہ اس کیس کے ذریعے وکیل یوٹیوب پر اپنے سبسکرائبر بڑھا رہا ہے اور یہ کیس اس وقت تک چلے گا جب تک وکیل کو سلور بٹن نہیں مل جاتا۔ اب فائق علی نے ایف آئی اے کو درخواست دی ہے کہ وہ انہیں بدنام کرنے پر منیب بٹ کے خلاف قانونی کارروائی کریں۔ فیروز خان کی جانب سے ساتھی فنکاروں کے خلاف قانونی نوٹسز بھجوانے اور ان کی نجی معلومات ظاہر کرنے شدید تنقید کی گئی تھی۔ اس موقع پر منیب بٹ نے فیروز کو مشورہ دیا تھا کہ وہ اپنا وکیل) فائق علی (تبدیل کرے۔

معروف بھارتی فلم ڈائریکٹر کے وشواناتھ 92 برس کی عمر میں چل بسے

کے وشواناتھ حیدر آباد کے ایک ہسپتال میں زیر علاج تھے

حیدرآباد دکن (شوبز نیوز) معروف بھارتی فلم ڈائریکٹر کے وشواناتھ 92 برس کی عمر میں دنیا سے رخصت ہو گئے۔ کے وشواناتھ حیدر آباد کے ایک ہسپتال میں زیر علاج تھے اور ان کو کئی بیماریوں کا سامنا تھا، وشواناتھ کو 5 نیشنل فلم ایوارڈ، 7 ننڈی ایوارڈ، 10 ساتھ فلم فیئر ایوارڈ اور 1 ہندی فلم فیئر ایوارڈ سے نوازا گیا۔ انہوں نے 1995 کے بعد ہندی اور تیلگو انڈسٹری کے متعدد کمرشل ڈراموں میں اداکاری کے جوہر بھی دکھائے، 2017 میں ان کو پدم شری اعزاز دیا گیا جبکہ مرکزی حکومت نے ان کو انڈین سینما کے سب سے بڑے۔

فواد خان اور وسیم اکرم کی فلم منی بیک گارنٹی کا ٹیزر جاری

میگا بجٹ فلم کے ٹیزر کو دیکھ کر یہ عندیہ ملتا ہے کہ شائقین کو نہ صرف بھرپور ایکشن

کراچی (شوبز نیوز) پاکستان کے سپر اسٹار فواد خان اور وسیم اکرم کی فلم منی بیک گارنٹی کا ٹیزر جاری کر دیا گیا۔ یوٹیوب سمیت سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر جاری کئے گئے ایکشن اور کامیڈی سے بھرپور فلم منی بیک گارنٹی کے ٹیزر میں فواد خان کو وسیم اکرم کی اہلیہ شنیرا اکرم کے ساتھ مزاحیہ انداز میں رقص کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔ اس میگا بجٹ فلم کے ٹیزر کو دیکھ کر یہ عندیہ ملتا ہے کہ شائقین کو نہ صرف بھرپور ایکشن بلکہ سسپنس کے ساتھ ساتھ کامیڈی بھی دیکھنے کو ملے گی۔ پاکستان کے سپر اسٹار فواد خان اور وسیم اکرم کی فلم منی بیک گارنٹی کا ٹیزر جاری کر دیا گیا۔ یوٹیوب سمیت سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر جاری کئے گئے ایکشن اور کامیڈی سے بھرپور فلم منی بیک گارنٹی کے ٹیزر میں فواد خان کو وسیم اکرم کی اہلیہ شنیرا اکرم کے ساتھ مزاحیہ انداز میں رقص کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔ اس میگا بجٹ فلم کے ٹیزر کو دیکھ کر یہ عندیہ ملتا ہے کہ شائقین کو نہ صرف بھرپور ایکشن بلکہ سسپنس کے ساتھ ساتھ کامیڈی بھی دیکھنے کو ملے گی۔ پاکستان کے سپر اسٹار فواد خان اور وسیم اکرم کی فلم منی بیک گارنٹی کا ٹیزر جاری کر دیا گیا۔ یوٹیوب سمیت سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر جاری کئے گئے ایکشن اور کامیڈی سے بھرپور فلم منی بیک گارنٹی کے ٹیزر میں فواد خان کو وسیم اکرم کی اہلیہ شنیرا اکرم کے ساتھ مزاحیہ انداز میں رقص کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔ اس میگا بجٹ فلم کے ٹیزر کو دیکھ کر یہ عندیہ ملتا ہے۔

کوک اسٹوڈیو انڈیا کی آٹھ برس بعد 50 سے زائد گلوکاروں کے ساتھ واپسی

ممبئی (شوبز نیوز) کوک اسٹوڈیو انڈیا کی آٹھ برس کے وقفے کے بعد 50 سے زائد فنکاروں کے ساتھ واپسی ہوئی ہے۔ شہرہ آفاق میوزک شو کی جانب سے نئے سیزن کا پہلا گیت سات فروری کو ریلیز کیا جائے گا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کوک اسٹوڈیو انڈیا شو کا ری لانچ پریمیئر 7 فروری کو ہوگا اور نئے سیزن میں نیا ٹیلنٹ سامنے لایا جائے گا۔ رواں برس جنوری میں کوک اسٹوڈیو نے اعلان کیا تھا کہ وہ تامل ایڈیشن کے ساتھ اپنی واپسی کر رہے ہیں۔ کوک اسٹوڈیو انڈیا کا آغاز 7 جون 2011 کو ایم ٹی وی انڈیا پر ہوا تھا

پاکستان کی نسبت بھارت میں کام کے مواقع زیادہ ہیں: ماریہ واسطی

میڈیا رپورٹس کے مطابق حال ہی میں ماریہ واسطی نے ایک پوڈکاسٹ میں شرکت کی

لاہور (شوبز نیوز) معروف پاکستانی اداکارہ ماریہ واسطی نے کہا ہے کہ پاکستان اور بھارتی ڈرامہ انڈسٹری میں موازانہ نہیں ہونا چاہیے، بھارت میں کام کے مواقع زیادہ ہیں اور وہ فن کا احترام کرتے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حال ہی میں ماریہ واسطی نے ایک پوڈکاسٹ میں شرکت کی جہاں ان سے میزبان کی جانب سے پوچھا گیا کہ کیا آپ کو لگتا ہے کہ پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری ہندوستان سے بہتر ہے؟، جس پر اداکارہ نے کہا کہ مجھے نہیں لگتا کہ ایسا موازنہ ہونا چاہیے۔ اداکارہ نے کہا کہ ان کے پاس مواقع زیادہ ہیں، وہ کام اور فن کا احترام کرتے ہیں کیونکہ وہ اسے زندگی اور کائنات کا حصہ سمجھتے ہیں، یہ زندگی سے الگ نہیں، لیکن جو ہم دکھاتے ہیں؟، ہم اپنا معاشرہ دکھاتے ہیں جیسے لوگ کہتے ہیں۔

A Name of Quality & Trust
HASSAN
Consultant
Architects & Engineers
The Best House for your Family

اپنے گھر، پلازہ، بلڈنگ دوکانات کے کمپیوٹرائزڈ
نقشہ جات بنوانے کیلئے تشریف لائیں
M. Hassan Shahzad
Chief Executive Officer
0303-2167236
0311-8700236
Office: Patha mandi Chowk 14 Block sargodha.

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 06 فروری 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 06 فروری 2023ء صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، آبپارہ، محفوظ شہید، G-8، اقبال ٹاؤن، یو سی روڈ، اتحاد، غوری گارڈن، F-10، G-9 ایکسپریس، سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ، I-10/4، G-11/3، E-11/2، NIH، اے کیو خان، کلڈانہ، بیروٹ، تمبل، پتریاٹہ، اپر ٹوپہ، شاہدرہ، انگوری، شاہ پور، میکنال، ڈیسٹو، ٹی اینڈ ٹی، ٹریٹ، بھارہ کہو۔II، گالف سٹی، بھارہ کہو، این آئی ایچ، اتحاد، بری امام، قائد اعظم یونیورسٹی، خیابان اقبال، این سی پی، منڈالہ فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، کٹاریاں، ہولی فیملی، نیشنل مارکیٹ، شکریال، النور کالونی، طارق شہید، طماسہ آباد، ڈھوک کھبہ، گلشن آباد، جامع مسجد، انڈسٹریل، قائد آباد، گوالمنڈی، ابوبکر، پیپل کالونی، عسکری الیون، ڈھوک چوہدریاں، این آر سی، چیئرنگ کراس، آفیسر کالونی، جھنگی، جاکرہ، لکھو روڈ، رتہ فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، بینک روڈ۔1، جہانگیر روڈ، پی اے ایف، جبل پارک۔1، محبوب شہید، جھنڈا، کے ایچ روڈ، 502 ورکشاپ، رنیال، قریشی آباد، نیو روات، ساگری، ڈی ایچ اے ہومز، ریڈ کو، کہوٹہ سٹی۔1، خواجہ، غزن خان، مندرہ، جھٹہ ہتھیال، کرنب کسوال، رمن، محوطہ، اسلام آباد فیڈ مل، پنڈ جاتلہ، لیب۔1&2، ریلائنس ویونگ مل، بھل، جرار کیمپ، تھمکین، اڈیالہ جیل، شاہ پور، خصالہ، فیڈرز، اٹک سرکل، سالار گاہ، بوہی گھر، ٹیکسلا، دھیرک، پسوال، لالہ زار، لالہ رخ، خان آباد، برہان، احمد نگر، موسا، سرکہ، شادی خان، مانسر، امین آباد، غور غشتی، بولیناوال، کھڑپہ، متھیال، سجاد شہید، فتح جنگ سٹی۔2، دھکنیر، دھرنال، احمدال، ٹگن فیڈرز، جہلم سرکل، اجمل شہید، زبیر شہید، F-3 گل افشاں، کریالہ، شمس آباد، چھپراں، F-6 مشین محلہ، جاکر، ایم ریاض شہید، مدو کالس، ڈومیلی، نیو سنگھوئی، کھلیولی، چوٹالہ، دینہ۔ 4 سٹی، صندل، سوہاوہ کچہری، ملا اعوان، ٹھاکرہ، سموٹ فیڈرز، چکوال سرکل، کریالہ، آرا بازار، مرید، کلر کہار، سرپاک، ڈھڈیال رورل، ڈھوڈا، القادر مل، رضوان ٹیکسٹائل مل، سرکال، دلوال، دریائے جالپ، للہ ٹاؤن، کے ایس مائنز، ساغر پور، نیلا، لاوہ، دھرابی، جاتلہ، پیرا فتیال، طاؤ محرم خان، ملتان خرد، تمن، فیڈرز اور گرد و نواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گرد و نواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

کشمیریوں کو غیر قانونی حراست، تشدد اور جائیدادوں کی ضبطی کا سامنا ہے۔ بلاول بھٹو نے مزید کہا کہ بھارت کو مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں ختم کرنا ہوں گی۔ بھارت آبادیاتی ڈھانچے میں تبدیلیوں سمیت 5 اگست 2019 کے یکطرفہ اور غیر قانونی اقدامات کو واپس لے اور کشمیر پر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں پر عمل درآمد کرے، پاکستان کشمیری عوام کی غیر متزلزل اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ 2

کہ ایل آر ایچ کے مردہ خانے میں پولیس نے فہرست تیار کرکے اسپتال کو دی تھی حتمی فہرست کے مطابق شہداء کی تعداد 84 ہی ہے۔ واضح رہے کہ پولیس لائنز کی مسجد میں نماز ظہر کے دوران خودکش دھماکے میں امام مسجد اور پولیس اہلکاروں سمیت متعدد افراد شہید ہوئے تھے۔ پشاور پولیس لائنز دھماکے میں 100 نہیں 84 افراد شہید ہوئے ہیں لیڈی ریڈنگ اسپتال نے پولیس کی فہرست سے اتفاق کرلیا۔ لیڈی ریڈنگ اسپتال (ایل آر ایچ) انتظامیہ نے شہداء کی درست فہرست جاری کردی ہے۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ ایل آر ایچ کے مردہ خانے میں پولیس نے فہرست تیار کرکے اسپتال کو دی تھی حتمی فہرست کے مطابق شہداء کی تعداد 84 ہی ہے۔ واضح رہے کہ پولیس لائنز کی مسجد میں نماز ظہر کے دوران خودکش دھماکے میں امام مسجد اور پولیس اہلکاروں سمیت متعدد افراد شہید ہوئے تھے

بقیہ 3

ہے کہ کشمیر ہماری شہ رگ ہے، کشمیری عوام کو حق خود ارادیت دیا جائے۔ امیر جماعتِ اسلامی سراج الحق کا کہنا ہے کہ ہم کشمیری بہن بھائیوں کے شانہ بشانہ ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کشمیریوں کے ساتھ اپنی مکمل وابستگی اور حمایت کا عزم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی ریاستی دہشت گردی کے باوجود کشمیریوں کا عزم آزادی متزلزل نہیں ہوا، دنیا کشمیریوں سے کیا گیا استصوابِ رائے کا وعدہ پورا کرے۔ وزیر بلدیات سندھ ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ پاکستان میں انتشار پھیلانے کے لیے دشمن ملک سرگرم ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ملک دشمن ایجنڈے پاکستان کو آگے بڑھنے سے نہیں روک سکتے۔ ناصر حسین شاہ کا یہ بھی کہنا ہے کہ سب پاکستانی آج کشمیر کی بات کریں، ہماری فورسز دہشت گردی کا منہ توڑ جواب دے رہی ہیں

بقیہ 4

ہدایت کی گئی تاہم نوٹس کیباوجود 81 اراکین نے رہائش گاہیں خالی نہیں کیں، جس کے باعث حکومت نے پیر کو انتظامیہ کے ذریعے مستعفی اراکین سیلاجز خالی کروانیکا فیصلہ کیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ اس وقت بھی پی ٹی آئی کے ارکان کیا ستعفوں کی منظوری کے بعد پارلیمنٹ لاجز کے کمروں میں مقیم پی ٹی آئی ارکان سے کمرے خالی کرانے کا سلسلہ شروع جاری ہے، ہفتے کے روز سی ڈی اے نے کارروائی میں رہنما پی ٹی آئی فرخ حبیب کے کمرے کا تالا توڑ کر سامان باہر نکال دیا جب کہ 8 ارکان نے اپنے کمروں کی چابیاں انتظامیہ کے حوالے کردیں اور بعض نے مہلت لے لی۔ ادھر پی ٹی آئی نے 43 سابق رکن قومی کے استعفے منظور کرنے کا اقدام عدالت میں چیلنج کر دیا، لاہور ہائیکورٹ میں تحریک انصاف کے 43 سابق ایم این ایز کے استعفوں کی منظوری کے اقدام کیخلاف درخواست دائر کردی گئی، درخواست میں اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف اور الیکشن کمیشن سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ ریاض فتیانہ، نصر اللہ خان اور طاہر صادق سمیت دیگر نے عدالت میں درخواست دائر کی، درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ ارکان اسمبلی نے استعفے منظور ہونے سے قبل ہی واپس لے لیے تھے، استعفے واپس لینے کے بعد اسپیکر کے پاس اختیار نہیں کہ وہ استعفے منظور کرے، ارکان اسمبلی کے استعفے منظور کرنا خلاف قانون اور بدیانتی پر مبنی ہے۔ درخواست میں کہا گیا کہ ارکان قومی اسمبلی کے استعفے عدالت عظمٰی کے طے کردہ قوانین کے برعکس منظور کیے گئے، اسپیکر قومی اسمبلی نے سیاسی انتقام کا نشانہ بنانے کیلئے استعفے منظور کیے، استعفے منظور کرنے سے پہلے اسپیکر نے ممبران کو بلا کر مؤقف نہیں پوچھا، ارکان اسمبلی کی مرضی کے بغیر استعفے منظور کرنے کا اقدام غیر آئینی ہے، درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی کہ اسپیکر قومی اسمبلی کی جانب سے استعفے منظور کرنے کا اقدام کالعدم قرار دیا جائے

بقیہ 5

انتھک جدوجہد کر رہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ کشمیریوں نے اپنی قربانیوں سے آزادی کی شمع کو جلا بخشی ہے، میرا یقین ہے کہ ان کے خواب جلد پورے ہوں گے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ آج پورا پاکستان کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ اپنی غیر متزلزل یکجہتی اور حمایت کا اظہار کرنے کے لیے اکٹھا ہوا ہے۔ اتوار کو یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر وزیراعظم نے ایک ٹویٹ میں کہا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر کی عوام اقوام متحدہ کے منظور شدہ حق خود ارادیت کی جدوجہد میں ہندوستانی غاصبانہ نظام سے نبرد آزما ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام بھارت کے غیر قانونی قبضے سے آزادی کے اپنے خواب کو پورا کرنے کے لیے انتھک جدوجہد کر رہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ کشمیریوں نے اپنی قربانیوں سے آزادی کی شمع کو جلا بخشی ہے، میرا یقین ہے کہ ان کے خواب جلد پورے ہوں گے

بقیہ 6

تعزیت کیا جارہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پرویز مشرف کی وفات پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے اپنی ٹوئٹ میں کہا کہ مرحوم کے اہل خانہ سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں ساتھ ہی مرحوم کی مغفرت اور اہل خانہ کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔ چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے پرویز مشرف کے انتقال پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں، اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ مرحوم کے مغفرت اور درجات بلند کرے۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے سابق صدر جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف کی وفات پر اظہار افسوس کرتے ہوئے سابق صدر کے ورثاء سے اظہار تعزیت کیا اور مرحوم صدر کیلئے دعائے مغفرت، ورثاء کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔ اسپیکر راجہ پرویز اشرف اور ڈپٹی اسپیکر زاہد اکرم درانی کی جانب سے سابق صدر جنرل (ر) پرویز مشرف کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں، دونوں نے اللہ تعالیٰ سے مرحوم کی مغفرت اور بلندی درجات کی دعا بھی کی

بقیہ 7

عوام کا سمندر لاہور سے اسلام آباد جائے گا، تین روزہ مہنگائی مارچ حکمرانوں اور آئی ایم ایف کے لیے پیغام ہے کہ ہمیں آپ کے بند کمروں کے فیصلے منظور نہیں، شرائط قوم کے سامنے رکھی جائیں۔ بہت ظلم ہو چکا، ایک طرف مہنگائی تو دوسری جانب بدامنی ہے، حکمران نااہل مگر ذمہ داری قبول کرنے کو تیار نہیں، عوام کا پیمانہ صبر لبریز ہوگیا انہیں کرپٹ نظام اور اس کے محافظوں سے نجات چاہیے، پی ڈی ایم، پیپلز پارٹی اور پی ٹی آئی پر مشتمل ٹرائیکا ایکسپوز ہوگیا، اب کوئی ان کے گھسے پٹے بیانات اور تاویلیں سننے کو تیار نہیں۔ غریب قوم مزید قربانیاں نہیں دے سکتی اب کی بار حکمران اشرافیہ قربانی دے۔ عالمی مالیاتی ادارے کا 23 واں پروگرام چل رہا ہے، بتایا جا یا معیشت بہتر کیوں نہیں ہوئی؟ یقین سے کہتا ہوں ملک کو آئی ایم ایف اور بیرونی قرضوں کی ضرورت نہیں، حکمران اپنی کرپشن بند کریں۔ سود اللہ سے جنگ مگر اسلامی ملک کی حکومت اسے جاری رکھنے پر بضد ہے۔ ٹرائیکا نے مل کر سیاست، معیشت، معاشرت تباہ کی۔ پاکستان 1947 میں بظاہر آزاد ہوا، حقیقت میں حکمران بدلے گئے، انگریزوں کی جگہ ان کے وفاداروں نے لے لی، قوم آج بھی استعمار کی غلامی میں ہے، ظالم جاگیردار، وڈیرے اور کرپٹ سرمایہ دار ایوانوں میں براجمان ہیں، جو قانون اور انصاف کو گھر کی لونڈی سمجھتے ہیں۔ ہمیں اس فرسودہ نظام کو بدلنا ہے، نوجوان آئندہ الیکشن میں کرپٹ سیاست دانوں کے لیے سیاسی موت ثابت ہوں گے۔ وہ کراچی میں اسلامی جمعیت طلبہ پاکستان کے سالانہ اجتماع ارکان سے خطاب کررہے تھے۔ امیر جماعت نے اس موقع پر اسلامی جمعیت کو شجرہ سایہ دار قرار دیا جس کی خوشبو سے پورا ماحول معطر ہو رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جمعیت کی داستان قربانیوں، شہادتوں اور عزم و ہمت کی داستان ہے، جمعیت کا قافلہ رحمت اور امید کی نوید ہے، جمعیت اخلاق و کردار کا نام ہے جو پاکستان ہی نہیں پورے عالم اسلام کا فخر ہے۔ سراج الحق نے کہا کہ استعماری طاقتیں ملک کے ہر شعبہ پر قابض ہیں، صرف پاکستان ہی نہیں پورا عالم اسلام ان کے اثر میں ہے۔ اسلامی دنیا کے مسلمان اپنے حکمران تک خود نہیں طے کر سکتے۔ استعماری طاقتیں مقبوضہ کشمیر میں استصواب رائے کے مسئلہ پر کمال ڈھٹائی سے خاموش ہیں، انہیں وہاں انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزیاں نظر نہیں آتیں۔ ہماری معیشت اگر آئی ایم ایف اور ورلڈ بنک کے کنٹرول میں ہے تو تجارت کے اصول ڈبلیو ٹی او طے کرتا ہے، ہمارا تعلیمی نظام اور نصاب غیر ملکی این جی اوز اور صحت ڈبلیو ایچ او کے تسلط میں ہے۔ استعمار کے وفاداروں نے وسائل سے مالا مال پاکستان کو دنیا بھر میں تماشا بنا دیا، حکمرانوں نے ایٹمی اسلامی پاکستان کے عوام کو بھکاری بنا دیا۔ امیر جماعت نے کہا کہ سیاسی برہمنوں اور مغل شہزادوں کے جانے کا وقت آ گیا۔ نوجوان اسلامی انقلاب کے لیے بے تاب ہیں، عوام جاگ چکے ہیں، کراچی نے بلدیاتی انتخابات میں انقلاب اور حقیقی تبدیلی کی نوید سنا دی، اب روشنی پورے ملک میں پھیلے گی۔ آئندہ الیکشن میں آزمائے ہوئے کرپٹ حکمرانوں کا صفایا ہو جائے گا۔ ملک اور بالخصوص خیبر پختونخواہ میں بدامنی کے خلاف 8 فروری کو کے پی بچاؤ مارچ ہوگا۔ جماعت اسلامی ملک میں اسلامی نظام کے نفاذ کے لیے عوام سے تعاون کی طلبگار ہے

بقیہ 8

غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتے ہیں، کشمیری عوام کو سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حق خود ارادیت دینا ہوگا۔ ڈاکٹر عارف علوی نے بھارت پر زور دیا کہ وہ اقوام متحدہ اور اسلامی تعاون تنظیم کے مبصرین، صحافیوں اور انسانی حقوق کی تنظیموں کو بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں بلا روک ٹوک داخلے کی اجازت دے۔ صدر مملکت کا کہنا تھا کہ ہم کشمیری بہن بھائیوں کو بھارتی قبضے کے خلاف کئی دہائیوں پر محیط مزاحمت کے دوران بے لوث قربانیاں دینے پر بھرپور خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 9

کہ زمین پر بھارت قابض لیکن کشمیریوں کے دل پاکستان کے ساتھ ہیں، بہادر کشمیری اقوام متحدہ کے منشور پر عمل درآمد کی جنگ لڑ رہے ہیں، کشمیری سلامتی کونسل کی قراردادوں کیساتھ کھڑے ہیں۔ مریم نواز کا مزید کہنا تھا کہ بھارت کشمیر میں ظلم کی ہر حد پار چکا، لیکن آزادی کی آوازیں دبنے کی بجائے مزید بلند ہو رہی ہیں، بھارت کی اس سے بڑی ہار کیا ہوگی کہ ہر ظلم کے باوجود ناکامی اس کا مقدر ہے، خواتین و بچوں سمیت کشمیریوں کی آزادی کے لیے آزادی کے لیے عظیم قربانیاں بے مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آزادی کے حصول تک کشمیریوں کا ساتھ دینا ایمان کا حصہ ہے، اللہ تعالیٰ شہدا کے درجات بلند، کشمیریوں کو آزادی کی نعمت عطا فرمائے۔ مریم نواز نے ایک اور ٹویٹ میں کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے کشمیری پرچم کو چومتے ہوئے لی گئی تصویر بھی شیئر کی ہے۔ واضح رہے کہ آج کئی دہائیوں سے بھارتی مظالم کا سامنے کرتے نہتے کشمیریوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہونے کا عزم لیے قوم آج یوم یکجہتی کشمیر منا رہی ہے۔

بقیہ 10

سکی۔ تفصیلات کے مطابق ڈیرہ شہر اور مضافاتی علاقوں سنوکر کلب و ویڈیو گیمز جو کہ عرصہ دراز سے پولیس کی پشت پناہی پر سرعام جواء ہونے لگا جبکہ پولیس کلبوں کے چکر لگا کر سب ٹھیک کی رپورٹ اعلیٰ حکام کو بھیجنے لگی ایک شخص نے اپنا نام نہ بتانے پر بتایا کہ سنوکر کلب سے پولیس منتھلیاں وصول کرتی ہے اس نے مزید کہا کہ ویڈیو گیمز پر بھی جوے کا کام ہو رہا ہے جس سے بچوں کا مستقبل اور نوجوان نسل تباہ ہو رہی ہے مستقبل کے معمار بچے اپنی جیب خرچ جوے جیسی ویڈیو گیمز پر خرچ کر آتے ہیں والدین نے اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جوئے والی ویڈیو گیمز کو اپنی تحویل میں لے کر قانونی کارروائی کی جائے تاکہ بچوں کا مستقبل تباہ ہونے سے بچ سکے۔

بقیہ 11

سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں کہا کہ حق خود ارادیت کشمیریوں کا حق ہے، مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بہادر کشمیریوں کی خواہشات کے مطابق حل ہونا چاہیے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا تھا کہ انسانی حقوق کی پامالی اور ظلم و تشدد کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو نہیں دبا سکتی۔

بقیہ 12

میڈیا پر گردش کر رہی تھی جس سے متعلق خاندانی ذرائع کا کہنا تھا کہ سابق صدر پرویز مشرف کی طبعیت کی حالت خطرے سے باہر ہے۔ اس حوالے سے کہا تھا کہ پرویز مشرف معمول کے چیک اپ کیلئے اسپتال جاتے ہیں اور وہ دبئی میں اپنی رہائشگاہ پر ہیں

بقیہ 13

عرب امارات کے شہر دبئی میں انتقال کر گئے ہیں، ان کی وفات کے حوالے سے سفارتی ذرائع نے بھی تصدیق کردی ہے۔ بتایا گیا ہے کہ سابق صدر پرویز مشرف طویل عرصے سے بیمار تھے جس کے باعث وہ دبئی میں امریکن ہسپتال میں زیر علاج تھے کیوں کہ سابق صدر اور پاک فوج کے سابق سربراہ 18 مارچ 2016ء سے متحدہ عرب امارات کے شہر دبئی میں علاج کی غرض سے مقیم تھے، عسکری ذرائع سے بھی سابق صدر کے انتقال کی خبر کی تصدیق ہوئی ہے اور امکان ظاہر کیا جارہا ہے کہ سابق آرمی چیف کا جسد خاکی پاکستان لایا جائے گا۔ بتاتے چلیں کہ سابق صدر پرویز مشرف 11 اگست 1943ء کو نئی دہلی میں پیدا ہوئے، 1964ء میں پاکستان آرمی میں شامل ہوئے، انہوں نے 1965ء و 1971ء کی جنگوں میں شرکت کی جب کہ 7 اکتوبر 1998ء کو بری فوج کے چیف آف اسٹاف کے منصب پر فائز ہوئے اور 12 اکتوبر 1999ء کو انہوں نے بحیثیت آرمی چیف اس وقت کے وزیراعظم نواز شریف کی حکومت کا تختہ الٹ کرانہیں گرفتار کرلیا اور ریفرنڈم کے انعقاد کے بعد صدر منتخب ہوئے تھے۔ بعدازاں اسمبلیوں نے بھی اس فیصلے کی توثیق کردی تھی سال 2004 میں آئین میں 17 ویں ترمیم کے ذریعے مزید 5 سال کے لیے پرویز مشرف باوردی صدر منتخب ہوئے، 9 سال بعد پرویز مشرف فوج کے سربراہ کے عہدے سے 28 نومبر 2007ء کو سبکدوش ہوئے اور 18 اگست 2008ء کو صدارت سے مستعفی ہوکر بیرون ملک چلے گئے

بقیہ 14

کا باقاعدہ اعلان کیا۔ صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت سندھ سعید غنی نے کہا کہ سابق ایم این اے خواجہ سہیل نے پیپلز پارٹی میں شمولیت کی ہے جبکہ فیضان روات بھی پی پی میں شمولیت اختیار کررہے ہیں، دونوں حضرات کو پاکستان پیپلز پارٹی میں خوش آمدید کہتا ہوں۔ یاد رہے کچھ عرصے پہلے ہی خواجہ سہیل منصور نے اپنی قومی اسمبلی رکنیت سے استعفیٰ دینے کے بعد ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی سے استعفیٰ دے دیا تھا۔ انہوں نے میڈیا کو بتایا تھا کہ پارٹی کی کچھ غلط پالیسیوں کی وجہ سے نالاں ہوں تاہم انہوں نے واضح نہیں کیا تھا کہ وہ کس سیاسی جماعت میں شمولیت اختیار کریں

بقیہ 15

خان کر رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ماہ جنوری 2023 کے دوران آئیسکو آپریشن، ایم اینڈ ٹی اور سرویلنس کی ٹیموں کی جانب سے دوران چیکنگ 3423 میٹرز کی نشاندہی کی گئی جن میں 3361 میٹرز سلو پائے گئے، 57 میٹرز سے بجلی کی ڈائریکٹ سپلائی لی جارہی تھی جبکہ 5 میٹرز کو ٹمپرڈ کرکے بجلی کا غیر قانونی طریقے سے استعمال کیا جارہا تھا۔ سلو میٹرز اور بجلی چوری کی بنیاد پر متعلقہ صارفین کو 16 لاکھ 60 ہزار یونٹس کی مد میں 4 کروڑ 23 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے اور قانونی کارروائی کے لئے متعلقہ تھانوں میں درخواستوں کا اندراج بھی کروا دیا گیا ہے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے درخواست کرتی ہے کہ اس قومی مہم میں آئیسکو کا ساتھ دیں اور اپنے گرد و نواح میں کسی کو بجلی چوری کرتے یا اس کی معاونت دیتے ہوئے دیکھیں تو اس کی فوری اطلاع متعلقہ ایس ڈی او، ہیلپ لائن نمبر 118 یا کمپلینٹ اینڈ مانیٹرنگ سیل آئیسکو اسلام آباد کے نمبر 051-9252933-34 پر دیں آپ کا نام مکمل راز میں رکھا جائے گا

بقیہ 16

سے زائد اضافہ کے باعث اوپن مارکیٹ میں درسی کتب، کاپیوں، تمام اقسام کی اسٹیشنری، اسکول بیگ، یونیفارم، اسکول شوز کی قیمتوں میں بے پناہ اضافہ کردیا گیا ہے جبکہ پٹرولیم مصنوعات اور سلنڈر گیس کی قیمت میں اضافہ سے طلبہ طالبات اور سرکاری ملازمین کی پک اینڈ ڈراپ سروس کی تمام ٹرانسپورٹ نے فی سواری 1000 روپے سے 2000 روپے اضافہ کردیا ہے جس سے والدین کی چیخیں نکلنے لگی ہیں۔ اردو بازار کی ہول سیل مارکیٹ میں دکانداروں نے بتایا ہے کہ تمام اقسام کی درسی کتب کی قیمت میں 500 روپے سے 1700 روپے تک جبکہ کاپیوں رجسٹر، رف کاپی کی قیمت میں بھی سو فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔ میٹرک کی سائنس پریکٹیکل کاپیوں کی قیمت 2500 روپے سے 3 ہزار روپے تک کردی گئی، ٹرانسپورٹر نے کہا کہ پٹرول ڈیزل میں یکمشت 35 روپے اضافہ کے باعث کرائے بڑھانا مجبوری تھی۔

بقیہ 17

نے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ اس حوالے سے گورنر غلام علی کا کہنا ہے کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے دفعہ 144 کے نفاذ پر عملدرآمد انتہائی ضروری ہے، قانون کی حکمرانی و پاسداری سب کی ذمہ داری ہے، صوبہ کے عوام کا تحفظ اور امن و امان یقینی بنانا اولین ترجیح ہے، ہم سب نے مل کر قانون پر عملدرآمد کرتے ہوئے ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دینا ہے۔ خیال رہے کہ چند روز قبل پشاور میں پولیس لائن کی مسجد میں نماز ظہر کے دوران خودکش دھماکہ ہوا، جس کے نتیجے میں 100 سے زائد افراد شہید اور 150 افراد زخمی ہوئے، دھماکے میں امام مسجد بھی شہید ہوئے، مسجد میں ہونے والا دھماکہ خودکش تھا، خودکش حملہ آور نماز کے دوران مسجد کی پہلی صف میں موجود تھا، حملہ آور نے نماز کے دوران خود کو دھماکے سے اڑایا۔ پشاور پولیس لائنز دھماکے میں پولیس اور سی ٹی ڈی کو حملہ آور اور سہولتکار کی شناخت میں اہم پیشرفت سامنے آئی ہے، پشاور پولیس لائنز میں خودکش مبینہ حملہ آور کی رنگ روڈ پر موجودگی اور سہولتکار کے ساتھ تصویر سامنے آگئی، جس میں سہولت کار موٹر سائیکل چلا رہا ہے اور مبینہ حملہ آور پیچھے بیٹھا ہے، سہولتکار نے خودکش حملہ آور کو رنگ روڈ پر پہنچنے میں مدد فراہم کی، مبینہ حملہ آور رنگ روڈ کے راستے جی ٹی روڈ پر داخل ہوا جب کہ سہولت کار جمیل چوک سے آگے رنگ روڈ پر موٹر سائیکل سے اتر گیا۔ آئی جی خیبر پختونخوا پولیس معظم جاہ انصاری کا کہنا ہے اپیکس کمیٹی میں دہشتگردی کیخلاف سمت کا تعین کرلیا گیا ہے، دھماکا خیز مواد جہاں بنتا اور استعمال ہوتا ہے اس کی ای ٹیگنگ کی جائے گی، دہشتگردی کے خاتمے کیلئے افغان حکومت سے تعاون کا فیصلہ کیا گیا ہے، پولیس اور سی ٹی ڈی کے استعداد کار کو بڑھایا جائے گا، افغانستان سے کوئی معلومات چاہیئے ہوگی تو باہمی قانونی معاونت ہوگی، افغانستان کو کہیں گے کہ پاکستان کو غیر مستحکم کرنے والوں کیخلاف کارروائی کرے، ہماری سیاسی قیادت افغانستان کی سیاسی قیادت سے بات کرے گی اور عسکری قیادت افغانستان کی عسکری قیادت سے بات کرے گی، جبکہ مذہبی رہنما افغانستان کے مذہبی رہنماؤں سے بات کریں گے

بقیہ 18

کرلے ہمارے حوصلے اور عزم متزلزل نہیں ہوگا، 75 سال کے بزرگ اور 16 مرتبہ وفاقی وزیر رہنے والے شیخ رشید کے ساتھ جو سلوک کیا گیا وہ قابل مذمت ہے، صرف پی ٹی آئی کے کارکنان ہی نہیں عام عوام بھی جوق در جوق عمران خان کی حفاظت کیلئے لگائے گئے کیمپوں میں اظہار یکجہتی کیلئے آرہے ہیں۔ زمان پارک کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے جمشید اقبال چیمہ نے کہا کہ امپورٹڈ حکومت نے پہلے ہی ریکارڈ مہنگائی اور بیروزگاری سے عوام کی زندگی اجیرن کی ہوئی تھی اور مشکل وقت میں غریب عوام کو ریلیف دینے کے بجائے ان سے دو وقت کی روٹی بھی چھینی جارہی ہے۔ تحریک انصاف کے بغض میں احساس پروگرام کے تحت لگائی گئی ریڑھیوں کی توڑ پھوڑ سے حکومت نے ظلم اور بے حسی کی انتہا کردی ہے، امپورٹڈ ٹولہ اور ان کے حواری طاقت کے نشے میں اس طرح کے اقدامات کررہے ہیں لیکن انہیں یہ یاد رکھنا چاہیے کہ خدا کی لاٹھی بے آواز ہوتی ہے اور یہ ایک دن ضرور پکڑ میں آئیں گے

بقیہ 19

ٹوئٹر پر جاری کیے گئے تعزیتی بیان میں فواد چوہدری نے کہا ہے کہ پرویز مشرف کے دوست چھوٹے ثابت ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیشہ پاکستان فرسٹ سابق صدر پرویز مشرف کی سوچ اور نظریہ تھا۔ واضح رہے کہ سابق صدر جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف 79 برس کی عمر میں دبئی میں انتقال کر گئے۔ ذرائع کے مطابق جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف طویل عرصے سے امریکن اسپتال دبئی میں زیر علاج تھے

بقیہ 20

کردیئے لیکن تاحال نشاندہی کے باوجود مجرم گرفتار نہیں ہوسکا۔ سعودی عرب میں مقیم اوورسیز پاکستانی عبدالسلام صدیقی نے وزیراعظم شہباز شریف اور وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناءاللہ سے نوٹس لینے اور انہیں انصاف فراہم کرنے کی اپیل کردی۔ تفصیلات کے مطابق ملزم خضر حیات ولد ملک غلام قاسم شناختی کارڈ نمبر 32203-7647829-7 ساکن کوٹ سلطان تحصیل و ضلع لیہ نے عبدالسلام کے دوست کی جعلی فیس بک آئی ڈی بنا کر اپنی والدہ کے علاج کیلئے اڑھائی لاکھ روپے مانگے جو کہ کراس چیک نمبر ڈی 2 6 7 5 9 8 4 7 اکاؤنٹ نمبر 0809-0103283968 میزان بینک سید پور روڈ برانچ راولپنڈی دیا گیا۔ ایف آئی اے سائبر کرائم ونگ حکام کو ملزم کا شناختی کارڈ، کراس چیک کی تصویر، میزان بینک سے رقم نکلواتے ملزم کی سی سی ٹی وی فوٹیج تمام ٹھوس ثبوت 2 ستمبر 2021 کو کمپلینٹ نمبر 5910/21 مہیا کرنے کے باوجود ملزمان کو 16 ماہ میں گرفتار نہیں کیا گیا اور مبینہ طور پر تفتیشی آفیسر نے یہ کہہ کر فائل کلوز کردی کہ مدعی نے ثبوت مہیا نہیں کیے۔ عبدالسلام صدیقی نے دوبارہ تمام ثبوت ایف آئی اے سائبر کرائم ونگ کو مہیا کر دیئے اسکے باوجود بااثر ملزمان تاحال گرفتار نہیں کئے جا سکے۔ عبدالسلام صدیقی نے وزیراعظم، وزیر داخلہ، ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے سے اپیل کی کہ گرفتاری اور رقم وصولی میں تاخیر کرکے ملزمان کو فائدہ پہنچانے والے حکام سے پوچھ گچھ کی جائے اور اوورسیز پاکستانی کی رقم واپس دلوائی جائے۔ مدعی نے راولپنڈی ایف آئی اے سائبر کرائم کو بھی درخواست دی ہوئی ہے۔

بقیہ 21

کمپنی کے قیام کے لئے 96 ملین روپے کے فنڈز کی پہلے ہی منظوری دی تھی جس سے کمپنی کے لئے ایمرجنسی سٹاف کی تقرری اور دفتر کے قیام کے لئے بلڈنگ کا انتخاب بھی جلد کرلیا جائے گا۔ نئی کمپنی کے قوائد و ضوابط کی تیاری کے لئے کنسلٹنٹ کی خدمات لینے کی بھی منظوری دے دی گئی۔ اس سلسلے میں کے پی ٹی اینڈ جی سی کے چھٹے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس زیر صدارت چیئرمین بورڈ سیکرٹری توانائی و برقیات نثار احمد خان منعقد ہوا۔ اجلاس میں کمپنی کے قائم مقام چیف ایگزیکٹو سپیشل سیکرٹری تاشفین حیدر، ایڈیشنل سیکرٹری توانائی عبدالہادی، چیف ایگزیکٹو پیڈو انجینئر نعیم خان، مشیر توانائی انجینئر طلاء محمد کے علاوہ دیگر بورڈ محکمہ خزانہ کے نمائندے، ممبرز سینئر چیف آفیسر محکمہ پلاننگ ارباب فیض محمد، چیف پلاننگ آفیسر محکمہ توانائی ایاز خان، ڈپٹی سیکرٹری توانائی اعجاز خان نے شرکت کی۔ اجلاس میں چیئرمین بورڈ کو کمپنی کے قیام کے بارے میں ہونے والی پیشرفت کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں کمپنی کے قیام سے متعلق وفاقی اداروں NEPRA اور NTDC کے ساتھ بجلی کے ترسیل کے نظام سے متعلق درپیش مسائل اور صوبے میں جاری توانائی منصوبوں سے پیدا ہونے والی بجلی کو نئے سسٹم میں شامل کرنے کے بارے میں اہم امور پر گفتگو کی گئی۔ اسی طرح عالمی بینک کے تعاون سے کمپنی کے قیام اور اسکے انتظامی ڈھانچے کو تشکیل دینے سے متعلق ادارے کی جانب سے جلد اعلامیہ جاری کرنے کی بھی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں محکمہ خزانہ کو کمپنی کے امور تیزی سے چلانے کے لئے منظور شدہ فنڈز کو جاری کرنے پر بھی زور دیا گیا۔ اجلاس میں نئے چیف ایگزیکٹو کے دفتر کے لئے فرنیچر اور دیگر سامان کی خریداری کے لئے بھی حکام کو ہدایات جاری کی گئیں۔ اجلاس میں چیئرمین بورڈ سیکرٹری توانائی نثار احمد خان نے ٹرانسمیشن کمپنی کے قیام کو صوبے کے بجلی کے نظام کی بہتری کی طرف ایک سنگ میل قرار دیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ KP ٹرانسمیشن اینڈ گرڈ کمپنی جلد ہی پیڈو کے مکمل ہونے والے منصوبوں سے پیدا ہونے والی سستی بجلی کو اپنے نظام سے ترسیل کرکے نئی تاریخ رقم کرے گی جو صوبے اور اسکے عوام کے لئے ایک اعزاز سے کم نہیں ہے۔

بقیہ 22

کہ میں سعید غنی اور دیگر قیادت کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ مجھ پر اعتماد کا اظہار کیا اور میری خواہش پر مجھے پارٹی میں ویلکم کیا۔ خواجہ سہیل منصور نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے بلدیاتی انتخابات میں مینڈیٹ حاصل کیا ہے، پیپلز پارٹی نے مشکل وقت دیکھا مگر ملک کی ترقی کے لیے کوشش کرتی رہی، پیپلز پارٹی پاکستان بالخصوص کراچی کی ترقی کے لیے کوشاں ہے جب کہ متحدہ 35 سال میں کراچی کو ترقی نہیں دے سکی۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء اور سندھ کے صوبائی وزیر سعید غنی کا کہنا تھا کہ خواجہ سہیل منصور نے پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کی ہے، خواجہ سہیل منصور طویل عرصے سے ایم کیو ایم سے وابستہ رہے، کراچی شہر کی ترقی کیلئے سب کو مل کر کام کرنا ہوگا تاہم کراچی میں میئر پیپلز پارٹی کا ہی آئے گا کیوں کہ دوبارہ گنتی میں جماعت اسلامی کی 2 سیٹیں کم ہوگئی ہیں۔ ادھر مسلم لیگ ن نے بھی میئر کراچی کے لیے پاکستان پیپلز پارٹی کی حمایت کا اعلان کردیا ہے، ن لیگ نے میئر کراچی کے معاملے پر تعاون کا یقین دلایا اور مشترکہ میئر لانے پر اتفاق کیا اور کہا کہ ہم میرٹ پر شہر کا میئر لائیں گے تاہم کراچی کے میئر کا انتخاب تاخیر کا شکار ہوگیا ہے، کیوں کہ شہر قائد کی تمام یونین کونسلز کے الیکشن نتائج آنے تک میئر کا انتخاب نہیں ہوسکے گا، اس حوالے سے ذرائع الیکشن کمیشن کا کہنا ہے کہ جب تک ہاؤس مکمل نہیں ہوتا، میئر کا انتخاب ممکن نہیں، پہلے کراچی میں 11 حلقوں میں ملتوی شدہ بلدیاتی انتخابات کرانے ہوں گے، انتخابات ہوجانے کے بعد نمبر مکمل ہوگا۔ دوسری جانب الیکشن کمیشن نے کراچی کی 239 یوسیز کے نتائج پر نئی پارٹی پوزیشن جاری کردی ہے، 229 نشستوں میں سے پیپلز پارٹی 91 یوسیز لے کر سرفہرست ہے، جماعت اسلامی 85 یوسیز کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے، اسی طرح پی ٹی آئی کی یوسیز 40 سے بڑھ کر 42 ہوگئی ہیں، مسلم لیگ ن 7 یوسیز کے ساتھ چوتھے نمبر پر موجود ہے، جے یو آئی 3، تحریک لبیک 2 اور آزاد امیدوار ایک یوسی جیتنے میں کامیاب ہوگئے جب کہ دھاندلی کے الزامات پر 6 یونین کمیٹیز کے نتائج روک دیئے گئے ہیں۔

بقیہ 23

مذموم کوشش کی مذمت کرتے ہیں۔ پاکستان کی بنیاد نظریہ اسلام ہے اور نظریہ اسلام نظریہ قیام پاکستان کی بنیاد ہے۔ چنانچہ مذہبی قوم پرستی کے مغربی تصور کو تعلیمی نصاب میں شامل کرنا قابل گرفت امر ہے۔ 2021 میں ملک بھر میں یکساں قومی نصاب نافذ کیا گیا لیکن حکومت سندھ نے اسے تسلیم نہیں کیا۔ جس سے حکومت سندھ کی بدنیتی ظاہر ہوتی ہے اور وہ اپنی مرضی کا نصاب صوبے میں مسلط کرنا چاہتی ہے۔ حکومت سندھ کا یکساں قومی نصاب کو تسلیم نہ کرنے کا رویہ قومی وحدت کے بھی خلاف نظر آتا ہے۔ ڈائریکٹر قومی نصاب کونسل مریم چغتائی نے اپنے حالیہ چند اخباری بیانات، انٹرویوز اور تقاریر میں پاکستان میں قومی نصاب میں مذہبی قوم پرستی سے متعلق تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے یکساں قومی نصاب کو ایک بار پھر تبدیل کرنے کا عندیہ بھی دیا ہے۔

بقیہ 24

تبدیل کررکھا ہے کشمیریوں کو بنیادی انسانی حقوق سے محروم کررکھا ہے، عفت مآب ماں بہنوں پر تشدد اور خواتین کو لاپتہ کیا جارہا ہے ہندوستان عالمی قوانین اور اقوام متحدہ کے چارٹر سلامتی کونسل کی قراردادوں کی سنگین خلاف ورزیوں کا مرتکب ہورہا ہے انسانی حقوق کے عالمی اداروں کی رپورٹس ہندوستان کے مکروہ چہرے کو دنیا میں بے نقاب کررہی ہیں حکومت پاکستان جنگی جرائم میں ملوث ہندوستان کے خلاف عالمی سطح پر بھرپور سفارتی مہم منظم کرے، ہندوستان کے ساتھ تمام معاہدات منسوخ کرے اور کشمیریوں کی عملی مدد کی جائے

بقیہ 25

تقریبات کا اہتمام کیا گیا۔ مہمان خصوصی وفاقی وزیر برائے تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت رانا تنویر حسین نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم کشمیری عوام کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ہمارا دل ان شہدا کے لیے دھڑکتا ہے جنہوں نے اپنے حقوق کے لیے لڑتے ہوئے اپنی جانیں گنوائیں، ہم ان لوگوں کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہیں جو مشکلات کے باوجود مزاحمت کرتے رہتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ ہمیں متحد ہو کر کشمیریوں کے ایک روشن مستقبل کے لیے جدوجہد کرنا ہوگی۔ جہاں کشمیر کے لوگ امن اور آزادی اور وقار کے ساتھ رہ سکیں۔ ترجمان آئی سی ٹی پیر اظفر اقبال یوسفزئی نے کہا کہ 5 فروری کو یوم یکجہتی کشمیر منانے کا مقصد یہ پیغام دینا ہے کہ پاکستانی قوم کشمیریوں کے ساتھ کھڑی ہے جنہیں مقبوضہ کشمیر میں بھارت کے ہاتھوں انسانی حقوق کی پامالیوں کا سامنا ہے۔ نجی تعلیمی اداروں نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ اسلام آباد کے نجی اسکولوں / کالجوں کے ذریعہ منایا جانے والا ایک بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ دن جس میں اساتذہ اور طلبا معصوم کشمیریوں کی آواز کو پوری دنیا تک پہنچانے کے لیے امن واک کرتے ہیں۔ طلبا نے کشمیر کے ساتھ یکجہتی کا مظاہرہ کیا اور ٹیبلوز بھی پیش کیے جس میں کشمیری عوام کی اخلاقی حمایت اور ان کی دیرینہ جدوجہد آزادی کو تسلیم کرنے کے لیے کشمیری عوام کے مسائل کو پیش کیا گیا

بقیہ 26

موقف اختیار کیا گیا ہے کہ بچی کی ماں کو میکے بھیجنے کے بعد اس کی بیٹی کو قتل کیا گیا، بچی کو جائیداد میں حصہ نہ دینا پڑ جائے اسی لیے اسے جان سے مار دیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ابتدائی میڈیکل رپورٹ میں بچی کی موت سانس کی نالی بند ہونے سے ہوئی ہے تاہم اصل حقائق پوسٹ مارٹم کے بعد معلوم ہوں گے جب کہ باپ اور دادا کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ ادھر گوجرانوالہ میں سیٹلائیٹ ٹاؤن میں 12 سالہ بچے نے فائرنگ کر کے ماں کو قتل کر دیا۔ مقتولہ نازیہ گھر سے نکلی ہی تھی کہ بیٹے نے گولیاں چلادیں۔ پولیس نے 12 سالہ ملزم ساون سلیم کو حراست میں لے لیا۔ پولیس کے مطابق بیٹے نے ماں کو غیرت کے نام پر قتل کیا ہے۔ ملزم نے ابتدائی بیان میں پولیس قتل کا اعتراف بھی کرلیا ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان میں خواتین کو جن مسائل کا سامنا ہے وہاں غیرت کے نام پر قتل سرفہرست ہے۔ دنیا میں غیرت کے نام پر ہونے والے قتل کے کیسز کا پانچواں حصہ پاکستان میں ہوتے ہیں۔ ہیومن رائٹس واچ کے مطابق پاکستان میں ہر سال 1000 خواتین کا غیرت کے نام پر قتل کیا جاتا ہے۔ اگرچہ یہ تعداد غیر متعین ہے، کیونکہ بہت سے معاملات کبھی بھی رپورٹ نہیں کیے جاتے ہیں۔

بقیہ 27

کو سلام پیش کرتے ہیں، بھارتی مظالم سے جنت نظیر مقبوضہ وادی ٹارچر سیلوں، گمنام قبروں اور شہدا کے مدفن کی سرزمین بن چکی ہے، ہمارا ایمان ہے ظلم کی سیاہ رات زیادہ دیر برقرار نہیں رہ سکتی، لاکھوں کشمیری شہدا کا خون رنگ لائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامع مسجد احمد علی لاہوری اچھرہ میں درس قرآن میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ کشمیریوں کو حق خود ارادیت کے جائز حق کے لیے بے مثال جدوجہد پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ پاکستان ہمیشہ کشمیریوں کے حق خود ارادیت کی جدوجہد میں ان کے ساتھ رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق مسئلہ کشمیر کو حل کرنا ہوگا۔ ہماری کشمیری عوام سے محبت اور اظہار یکجہتی جغرافیائی سرحدوں سے بالاتر ہے کیوں کہ ایک مسلمان اور پاکستان شہری کی حیثیت سے ہم ہمیشہ مظلوم کی آواز بنیں رہیں گے اور ظلم کے خلاف جدوجہد میں مقبوضہ کشمیر کے ہر شہری کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں

بقیہ 28

ایڈمن و فنانس پی ایچ اے راولپنڈی نے کہا مقبوضہ کشمیر میں بسنے والے مسلمان عرصہ دراز سے بھارتی فوج کے مظالم کے خلاف ڈٹے ہوئے ہیں اور بھارتی افواج کے مظالم اور ریاستی جبر کا مقابلہ کررہے ہیں۔ مقبوضہ کشمیر کی صورتحال ہر گزرتے دن کے ساتھ مزید سنگین ہوتی جارہی ہے۔

بقیہ 29

سرکلر روڈ، ٹانک اڈہ، کچہری روڈ، ڈی ایچ کیو ہسپتال چوک اور دیگر علاقوں میں بنے ہوٹلوں، برگر شوارما پوائنٹس، مچھلی فروشوں کی دکانوں پر مچھلی، برگر، پیزا، شوارما، کڑاہی گوشت اور دیگر کھانے ناقص و مضر صحت گھی اور مصالحہ جات سے تیار کرکے فروخت کیے جارہے ہیں جنہیں کھا کر شہری معدہ، جگر اور کینسر جیسے موذی امراض میں مبتلا ہوکر ہسپتالوں اور موت کی وادی میں پہنچ رہے ہیں۔ جبکہ ان ملاوٹ مافیا کو چیک کرنے والی اتھارٹیز خیبر پختونخوا فوڈ اتھارٹی اور ضلعی انتظامیہ نے کھلی چھٹی دے رکھی ہے اور انہیں کبھی چیک کرنے کی زحمت ہی گوارا نہیں کی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ خیبر پختونخوا فوڈ اتھارٹی شہر قصور میں غیر فعال ہے اور ضلعی انتظامیہ صرف میٹنگیں کرنے میں مصروف ہے۔ دولت کی ہوس میں اندھے ملاوٹ مافیا نے شہریوں کی زندگیوں سے کھیلنا شروع کر رکھا ہے۔ ناقص اور مضر صحت مصالحہ جات، گھی اور دیگر اجزاء سے مچھلی، برگر، پیزا، شوارما، کڑاہی گوشت تیار کرکے عوام کو کھلائے جارہے ہیں جن سے معدے، جگر، ہیپاٹائٹس کے امراض عام ہو چکے ہیں۔ ہوٹلوں اور فوڈ پوائنٹس پر صفائی کے انتہائی ناقص انتظام ہیں۔ جہاں کھانے تیار کیے جاتے ہیں وہاں جگہ جگہ چوہے، مکھیاں اور چھپکلیاں مٹرگشت کرتی نظر آتی ہیں۔ مگر ان کو چیک کرنے والا کوئی نہیں۔ اگر خیبر فوڈ اتھارٹی کام نہیں کر رہی تو اس کو ڈیرہ شہر سے ختم کر دینا چاہئے۔ خیبر پختونخوا فوڈز اتھارٹی اور ضلعی انتظامیہ نے شہریوں کو ملاوٹ مافیا کے رحم و کرم پر چھوڑ رکھا ہے، لگتا ہے مہنگائی سے پہلے ملاوٹ مافیا کے ہاتھوں عوام مر جائے گی۔ شہریوں نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سے فوری نوٹس لے کر ملاوٹ مافیا کے خلاف کارروائی اور خیبر پختونخوا فوڈ اتھارٹی و ضلعی انتظامیہ کو خواب خرگوش سے بیدار کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 30

دھماکے کا مقدمہ عمران خان اور صدر عارف علوی کے خلاف ہونا چاہیے۔ پشاور پریس کلب میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے پیپلز پارٹی خیبر پختونخوا سیکرٹری انفارمیشن امجد آفریدی کا کہنا تھا کہ پولیس لائن دھماکے کا مقدمہ پی ٹی آئی چیئرمین عمران خان اور صدر عارف علوی کے خلاف ہونا چاہئے۔ خیبر پختونخوا پولیس کی تنخواہ پنجاب پولیس کے برابر کی جائے۔ تبدیلی کے نام پر آنے والی حکومت نے تبدیلی کا جنازہ یہاں سے نکال دیا ہے۔ اتنے بڑے سانحہ کے باوجود عمران خان یہاں پر نہیں آئے۔ عدالتوں میں پیشی کے ڈر کی وجہ سے معمولی زخم کا بہانہ بنا کر باہر نہیں آتے۔ تمام نشستوں پر انتخابات لڑنے کا دعویٰ کرنے والے نے پھر یوٹرن لے لیا۔ امجد آفریدی کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی تمام نشستوں پر انتخابات میں حصہ لے گی۔ لگ پتہ چل جائے گا۔ پیپلز پارٹی صاف، شفاف انتخابات اور جمہوریت پر یقین رکھتی ہے۔ پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری پر بھرپور اعتماد ہے۔

بقیہ 31

کے معاشی و سیاسی ڈھانچے کو تباہ کر دیا گیا ہے، سازش کے بعد عمران خان کے ساتھیوں کے اوپر تشدد کیا گیا، گرفتاریوں کے بعد برہنہ کیا گیا اور ظلم کا نشانہ بنایا گیا۔ فرخ حبیب نے مزید کہا کہ امپورٹڈ حکومت نے ظلم کی مثال قائم کی ہے، صحافیوں پر بھی تشدد کیا گیا، عمران خان پر قاتلانہ حملہ کیا گیا، بغیر نمبر پلیٹ ویگو روکنے پر مجھ پر ڈکیتی کا مقدمہ کر دیا گیا، ہمارے قائد نے جیل بھرو تحریک کا اعلان کیا ہے، جب بھی کال دیں گے تو ملک کی جیلیں بھر دیں گے۔ پی ٹی آئی رہنما نے مزید کہا جیل بھرو تحریک پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شروع کریں گے، پہلے ہم گرفتاری دیں گے، پھر عوام جیلیں بھرے گی انتہائی قدم کے طور پر جیلیں بھر دیں گے، آئی ایم ایف کے ساتھ جو ڈیل کرنے جارہے ہیں یہ عام آدمی کے ڈیتھ وارنٹ جاری کرنے جارہے ہیں۔

بقیہ 32

تیسرے مرحلے میں پی ٹی آئی کے ووٹرز اور عوام بھی جوق در جوق گرفتاریاں دیں گے، عمران خان نے 4 فروری کو قوم سے خطاب میں ملک گیر جیل بھرو تحریک کا اعلان کیا تھا۔

بقیہ 33

ہے، اقوام متحدہ مسئلہ کشمیر کو اپنی قراردادوں کے مطابق حل کرانے میں کردار ادا کرے، آزادی کے حصول تک اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھیں گے

بقیہ 34

اے انتظامیہ کی عدم دلچسپی اور عدم تعاون سے منظور شدہ مطالبات پر عمل درآمد نہیں ہورہا اور پوسٹنگ ٹرانسفر من پسند کی بنیاد پر کی جارہی ہے، سرکاری مکانات کی الاٹمنٹ میں بے ضابطگیاں ہورہی ہیں، پلاٹوں کی الاٹمنٹ، ٹائم سکیل پروموشن، ملازمین کے بچوں کی بھرتی، نئے الاؤنسز کی منظوری، پروموشن کیسز میں بے جا رکاوٹوں سمیت تمام مسائل پر انتظامیہ غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کررہی ہے، سی ڈی اے مزدور یونین مزدوروں کی نمائندہ تنظیم ہے اور ہم مذاکرات کے ذریعے ملازمین کے مسائل کو حل کرنا چاہتے ہیں اور اس حوالے سے سی ڈی اے انتظامیہ کے ساتھ کئی میٹنگز ہوئی ہیں لیکن ان مطالبات پر عمل درآمد نہ ہونا افسوسناک بات ہے جس سے سی ڈی اے مزدوروں میں روز بروز بے چینی بڑھ رہی ہے، اس موقع پر انھوں نے نئے تعینات ہونے والے چیئرمین کیپٹن (ر) نورالامین مینگل کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے سی ڈی اے میں خوش آمدید کہا اور ان سے مطالبہ کیا کہ سی ڈی اے مزدور یونین ایک امن پسند تنظیم ہے اور بھائی چارے کا درس دیتی ہے اور ہم ملازمین کے مطالبات باہمی گفت و شنید کے ذریعے حل کرنے پر یقین رکھتی ہے لیکن سی ڈی اے انتظامیہ ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کررہی ہے، اس موقع پر انھوں نے چیئرمین سی ڈی اے سے مطالبہ کیا کہ وہ ملازمین کے پلاٹوں کی الاٹمنٹ، انکے بچوں کی بھرتی، ٹائم سکیل پروموشن، مکانوں کی الاٹمنٹ، پوسٹنگ ٹرانسفر سمیت دیگر مسائل سی بی اے کے ساتھ باہمی مذاکرات کے ذریعے فوری حل کریں تاکہ اس شہر کا صنعتی امن قائم رہ سکے، چوہدری محمد یٰسین نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کی طرف سے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے اے پی سی کانفرنس کا انعقاد احسن اقدام ہے اس سلسلے میں تمام سیاسی قائدین ملک کی بقاء، سلامتی اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مل بیٹھ کر فیصلے کریں تاکہ اس ملک کو درپیش مشکلات سے نکالا جا سکے، اجلاس کے اختتام پر سانحہ پشاور کے شہداء کے لیے متفقہ قرارداد پاس کی گئی اور شہداء کی روح کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی بھی کی گئی

بقیہ 35

نے نائن الیون حملے کے بعد القاعدہ کے خلاف افغان جنگ میں فرنٹ لائن اتحادی بننے کی امریکی پیشکش بھی قبول کی، اپریل 2002ء میں ریفرنڈم کرا کے باقاعدہ صدر پاکستان منتخب ہو گئے۔ 2004ء میں اسمبلی سے مسلم لیگ ق کی حمایت سے آئین میں سترہویں ترمیم کرا کے مزید 5 سال کے لیے باوردی صدر منتخب ہو گئے۔ انہوں نے نومبر 2007ء میں آئین مخالف اقدامات کر کے اعلیٰ عدلیہ کے ججز کو معزول کر دیا، جو بڑا تنازع بنا اور عدلیہ آزادی کی تحریک شروع ہوئی۔ جنرل پرویز مشرف کو فوج کے سربراہ کے عہدے سے 9 سال بعد 28 نومبر 2007ء کو سبکدوش ہونا پڑا، انہوں نے 29 نومبر 2007ء کو 5 سال کے نئے دور کے لیے صدر کا حلف اُٹھایا لیکن اس عہدے پر زیادہ عرصے برقرار نہ رہ سکے اور 18 اگست 2008ء کو مستعفی ہو کر ملک سے باہر چلے گئے

بقیہ 36

ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شہریوں کے جان و مال کی حفاظت اولین ترجیح ہے جسے یقینی بنایا جارہا ہے

بقیہ 37

رز، یونین کونسل کے سیکرٹری اور دو سماجی کارکنان پر مشتمل ہوں گی، یہ ایپ اپنی یونین کونسل میں ورکرز کی حاضری اور صفائی کے ذمہ دار ہوں گے، صفائی میں اعلیٰ کارکردگی دکھلانے والے ورکرز اور ذمہ داران کو نقد انعامات اور سرٹیفکیٹس سے نوازا جائے گا۔ راولپنڈی کو زیرو ویسٹ سٹی بنایا جائے۔ شہر میں موجود تعمیراتی ملبہ اور کوڑا کرکٹ ٹھکانے لگایا جائے۔ شہریوں کو بھرپور آگاہی مہم کے ذریعے صفائی کی اہمیت و افادیت سے آگاہ کیا جائے۔ شہریوں کا تعاون ہی شہر کی صفائی یقینی بنانے میں معاون ثابت ہوگا۔ ہم سب ملکر ہی اپنے شہر کو صاف اور سرسبز شہر بنا سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز سی ای او راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی احمد نواز گوندل کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں کے دورے کے موقع پر کیا۔ انہوں نے شہریوں سے ملاقات میں صفائی مہم کے حوالے سے انکے تاثرات بھی لئے۔ شہریوں نے گلیوں میں صفائی کی صورتحال کو بہترین قرار دیتے ہوئے راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ورکرز کے کام کی تعریف کی۔ کمشنر راولپنڈی نے سی سی او سے کہا اسی طرح اپنا بہترین کام جاری رکھیں اور شہریوں کی صفائی سے متعلق شکایات کا فوری ازالہ کریں، تاکہ ہماری یہ صفائی مہم بہترین نتائج لائے، اس موقع پر سی ای او راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی احمد نواز گوندل۔ سینئر مینیجر آپریشنز محمد حسنین بھی انکے ہمراہ تھے، کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ نے کہا کہ تمام سرکاری محکمے عوام کے سامنے جواب دہ ہیں۔ راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے پرعزم افسران اور ورکرز شہر کو صاف کرنے میں مصروف عمل ہیں۔ شہری بھی اس مہم میں ساتھ دیں، کوڑا کرکٹ، تعمیراتی ملبہ کھلے عام، نالیوں میں نہ پھینکیں، اسے کوڑا دان تک پہنچائیں، گندگی، کوڑا کرکٹ اور تعمیراتی ملبے کی نشاندہی کریں اور آر ڈبلیو ایم سی کے ہیلپ لائن نمبر 1139 یا سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر شکایات کا اندراج کرائیں۔

بقیہ 38

استعمال کر رہی ہے۔ آزادی کشمیریوں کا بنیادی حق ہے۔ انہیں زیادہ دیر تک اس حق سے محروم نہیں رکھا جا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر آرٹس کونسل کمپلیکس میں منعقدہ سیمینار سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیمینار میں ڈی پی او محمد فیصل، اے ڈی سی آر فیضان احمد ریاض، اے ڈی سی جی عمر فاروق، اسسٹنٹ کمشنر مدثر ممتاز، سی او ایم سی طارق پرویا اور پروفیسر ڈاکٹر ہارون الرشید تبسم کے علاوہ سرکاری افسران و ملازمین، وکلاء، ڈاکٹرز، علماء کرام، سیاسی و سماجی شخصیات، طلبہ، سول ڈیفنس کے رضاکاروں اور سکاؤٹس سمیت شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

بقیہ 39

کیے گئے بیان میں پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف کے انتقال پر گہرا دکھ اور رنج و غم ہے۔ پرویز الٰہی کا کہنا ہے کہ بیگم صہبا مشرف، بیٹے بلال مشرف اور بیٹی عائلہ مشرف کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ واضح رہے کہ سابق صدر جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف 79 برس کی عمر میں دبئی میں انتقال کر گئے۔ ذرائع کے مطابق جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف طویل عرصے سے امریکن اسپتال دبئی میں زیر علاج تھے

بقیہ 40

کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، بچوں اور خواتین پر تشدد، زیادتی اور ہراسمنٹ جیسے واقعات ناقابل برداشت ہے

بقیہ 41

برآمد کیں، پوٹھوہار ڈویژن پولیس نے 06 ملزمان ساران، حسیب، شایان، عبداللہ، شاہ زیب اور عمر ان سے 155 پتنگیں اور ڈوریں برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز کا کہنا تھا کہ پتنگ بازی اور پتنگ فروشی جیسے غیر قانونی فعل میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جائے گی

بقیہ 42

دیواریں پھلانگنے والے کے منہ سے جیل بھرو تحریک کا اعلان اچھا نہیں لگتا، عمران خان کا نام نہاد انقلاب زمان پارک میں پڑے پڑے گل سڑ جائے گا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران خان کی میں نہ مانوں کی عادت نے ملک کو اس نہج پر پہنچایا ہے، انہیں جس طرح بھی حکومت ملی لیکن اس نے کسی کی نہیں سنی اور ملک کو اس نہج پر پہنچا دیا، اب اتحادی حکومت ملک کو مشکلات سے نکالنے کیلئے اے پی سی کی صورت میں پیشرفت کر رہی ہے تو شرکت کی بجائے پیشگی شرائط رکھی جارہی ہیں، جہاں ملک و قوم کے مفاد کی بات ہو وہاں شرائط نہیں رکھی جاتیں۔ مسلم لیگ (ن) اور اتحادیوں نے ملک کے لئے اپنی سیاست کی قربانی دی اور ملک کو ڈیفالٹ سے بچانے کیلئے آپ کا بوجھ اپنے کندھوں پر اٹھایا۔ رانا آصف حسین ڈیال نے کہا کہ ان شا اللہ اب پاکستان آگے بڑھے گا اور اس کی قسمت کو کھوٹا کرنے کے خواب دیکھنے والے نامراد ہی رہیں گے۔

بقیہ 43

57 کے امیر نعمان یوسف، یوتھ پارلیمنٹ کے چیئرمین حاجی سرداز خان، شہزاد احمد، اے این پی کے ڈاکٹر اختر اقبال، پی ڈی ایم کے رہنماء صابر بلال، پشتو زبان کے معروف شاعر و ادیب نور احمد شاہ کیمور، مسلم لیگ (ن) کے ساجد نثار، جے یو آئی کے قاری اویس کے علاوہ امتیاز ننگیال، واجد مہمند، زاہد شاہ، عدنان خان، حاجی حضرت اللہ، گل امیر جان اور دیگر نے اظہار خیال کیا۔ مقررین نے کہا کہ پختون خطے میں پشاور پولیس لائن دھماکے کے سے ایک نئے جنگ کا اغاز ہو چکا ہے۔ ہمیں متحد ہو کر بحیثیت قوم پوری قوت سے دہشتگردوں سے نمٹنا ہوگا۔ پختون خطے کو عرصہ سے ایک تجربہ گاہ کے طور پر استعمال کر کے آئے روز خون کی ندیاں بہائی جارہی ہے۔ مقررین نے سانحہ پشاور پولیس لائن کو ایک عظیم اور دلخراش واقعہ قرار دیا جسے کبھی بھولا نہیں جائیگا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ جو پختون خطے کے خلاف گہری اور سوچی سمجھی سازش کی ایک کڑی ہے۔ پشاور پولیس لائن کے مسجد میں خودکش دھماکے کو سیکیورٹی اداروں پر ایک بڑا سوالیہ نشان قرار دیا۔ جن ممالک میں پولیس لائن جیسے حساس جگہیں محفوظ نہ ہوں وہاں عوام کا کیا بنے گا۔

بقیہ 44

رولز 2023ء پر عملدرآمد روکنے کی ہدایت کردی ہے۔ وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے ہفتے کے روز فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو ٹیکس دہندگان کے پیسے سے غیر قانونی طور پر اپنے افسران کو الاؤنس دینے سے تو روک دیا لیکن اس منصوبے پر عمل درآمد کرنے والے لوگ معطلی کے خطرے سے بچ نکلے۔ تازہ تفصیلات سے انکشاف ہوا ہے کہ ڈیجیٹل انوائسنگ کے ڈائریکٹر جنرل نے پوائنٹ آف سیل سسٹم کی تکنیکی اپ گریڈیشن کے لیے مختص فنڈز کو دوسری مد میں استعمال کرنے کی مخالفت کی تھی لیکن دوسرے افسران نے ان کی ایک نہ چلنے دی۔ ابتدائی طور پر ایف بی آر 100 فیصد پی او ایس فنڈز کو دیگر مقاصد کے لیے استعمال کرنا چاہتا تھا

بقیہ 45

سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے گئے، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں، سی پی او راولپنڈی سید شہزاد ندیم بخاری کا کہنا تھا کہ عبادت کے لیے گرجا گھروں میں آنے والے افراد کی سیکورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے لیے ہر ممکنہ وسائل بروئے کار لا رہی ہے

بقیہ 46

کیا گیا۔ واضح رہے کہ 31 جنوری کو بابر غوری وطن واپس آئے تھے۔ سندھ ہائی کورٹ نے چند روز قبل ایم کیو ایم کے رہنما بابر غوری کی غیر موجودگی میں ان کی حفاظتی ضمانت منظور کی تھی۔ بابر غوری کے خلاف ٹیرر فنانسنگ اور منی لانڈرنگ کے مقدمات درج ہیں۔ بابر غوری کے خلاف کراچی پورٹ میں غیر قانونی بھرتیوں کی نیب تحقیقات بھی جاری ہیں۔

بقیہ 47

کے ایس ایچ او فیاض خان پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ نواحی پہاڑی علاقہ چمبہ گل میں چھاپہ مارا جہاں تنگی نامی پہاڑی میں موجود اشتہاری مجرموں نے پولیس کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کردی تاہم پولیس پارٹی محفوظ رہی۔ پولیس نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے فائرنگ کے دوران انتہائی مطلوب اشتہاری عبداللہ ولد حیدر خان سکنہ چمبہ گل کو ہلاک کردیا جبکہ ہلاک شدہ اشتہاری مجرم کے دیگر مسلح ساتھی رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس نے فرار ہونے والے دیگر اشتہاری ملزموں کی گرفتاری کے لئے سرچ آپریشن شروع کردیا ہے۔ پولیس کے مطابق پولیس مقابلہ کے دوران ہلاک اشتہاری مجرم خیبر پختونخوا پولیس کو قتل و اقدام قتل سمیت سنگین مقدمات میں مطلوب تھا

بقیہ 48

وقاص خان کا کہنا تھا کہ جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کے لیے سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

بقیہ 49

پاکستان (NCCP) کے ریویو بورڈ ممبرز نے بھی شامل تھے۔ پاکستان لٹریسی پراجیکٹ کا مقصد ملک بھر میں بچوں کی شرح خواندگی اور کتاب پڑھنے کی عادت کو بہتر بنانا ہے جس کے لیے لائبریریوں کے قیام، بین الاقوامی معیار کی کتب کا مقامی زبانوں میں ترجمہ اور دستیابی یقینی بنانا، ضلعی اور پرائمری اسکولوں کے انتظامی ڈھانچہ میں بہتری اور اشاعتی صنعت کو مضبوط بنانے عمر، اور ثقافت کے مماثل کتابیں مقامی زبانوں میں مہیا کرنا اہم ہے۔ اس موقع پر شرکاء کا کہنا تھا، "یہ ورکشاپ نوجوان ٹیلنٹ اور انڈسٹری کے ماہرین کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنے میں کامیاب رہی ہے جو کہ مستقبل کے کیلئے خوش آئند ہے اس سے ہمارے بچوں کے لیے شاندار کہانیوں کی کتابیں تیار کرنے اور انکے معیار کو مزید بہتر بنایا جاسکے گا

بقیہ 50

دیر تک پولیس اہلکار کے سینے کے ساتھ لپٹے رہے، عدالت پیشی کے موقع پر پر شدید کم پیل کی وجہ سے یہ واقعہ پیش آیا۔ اسی طرح عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید نے یہ بھی کہا کہ تھانہ آبپارہ مجھے غیر قانونی طور پر بلا رہا تھا، عدالت عالیہ نے پولیس اسٹیشن کا نوٹس غیر قانونی قرار دیدیا، اسلام آباد ہائیکورٹ نے آبپارہ تھانے کے نوٹس کو غیر قانونی قرار دیا ہے اور آئی جی اسلام آباد کو 6 فروری کو بلایا ہے۔ شیخ رشید نے پیشی کے موقع پر گفتگو میں کہا کہ جیل میں مجھ پر کوئی تشدد نہیں کیا گیا مگر مجھے رات بھر سونے نہیں دیا گیا، میری آنکھیں اور ہاتھ باندھے گئے، مجھے کہا جارہا ہے عمران خان نااہل ہوجائیں گے، میں نے کہا میں عمران خان کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑا رہوں گا۔

بقیہ 51

نے اپنے ویڈیو پیغام میں کہا کہ گزشتہ 30 سالوں سے پاکستانی قوم بھارتی افواج کے ظلم و جبر کے شکار کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کا دن منا رہی ہے لیکن گزشتہ 75 سالوں سے بھارت مظالم کی نئی داستان رقم کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں ہر طبقہ زندگی سے تعلق رکھنے والے پاکستانیوں کی شکر گزار ہوں کہ وہ کشمیریوں کے ساتھ کھڑے ہیں، ہر سال پاکستانی عوام کی جانب سے ایک مضبوط پیغام دنیا کو دیا جاتا ہے لیکن کب تک ہم یہ دن بنائیں گے کشمیریوں کو اب آزادی ملنی چاہیے۔ مشعال ملک نے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ بین الاقوامی عدالت میں بھارت سے کشمیریوں کی نسل کشی پر جواب مانگے۔

بقیہ 52

ایک بیان میں انھوں نے کہا کہ دوسروں کی کردار کشی کرنے والا مراد سعید زرا اپنی کارکردگی بھی دکھائے کہ 9 سال میں اس نے اپنے حلقے کے عوام کی کون سی خدمت کی۔ سوات کے عوام 9 سال تک مراد سعید کی راہ تکتے رہے لیکن ہر بار یہ عوام کو بے وقوف بنا کر اقتدار کے ایوانوں کے مزے لوٹتا رہا پی ٹی آئی والوں کی بد قسمتی ہے کہ ان کے پاس عوام کا سامنا کرنے کی طاقت نہیں تو دوسروں پر کیچڑ اچھالنے سے دریغ نہیں کرتے لیکن پی پی پی قیادت کے خلاف ہرزہ سرائی پی ٹی آئی سمیت ہر ایک کو مہنگی پڑے گی۔

بقیہ 53

ہے کہ چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا اور آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے سابق صدر پرویز مشرف کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ عسکری قیادت کی جانب سے تعزیتی بیان میں دعا کی گئی ہے کہ اللہ مرحوم جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف کو غریق رحمت کرے، جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف کے پسماندگان کو صبر و ہمت دے (آمین) واضح رہے کہ سابق صدر جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف 79 برس کی عمر میں دبئی میں انتقال کر گئے۔ ذرائع کے مطابق جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف طویل عرصے سے امریکن اسپتال دبئی میں زیر علاج تھے

بقیہ 54

کے کشمیریوں کیساتھ دھڑکتے ہیں، کشمیر ہماری شہ رگ اور کشمیری اس میں دوڑتا ہوا خون ہیں آج کا دن ہمیں مقبوضہ وادی کے کشمیریوں کیساتھ کھڑے ہونے کا درس دیتا ہے، آج آزادی کی جنگ لڑنے والوں کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے، وہ ان خیالات کا اظہار منعقدہ تقریب سلطانکے اپنے ڈیرے پر کر رہے تھے، انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان کی امت مسلماں اور کشمیر کے لیئے اٹھائے گئے اقدامات کو امپورٹڈ حکومت نے ملیا میٹ کر دیئے مسلہ کشمیر پر ترقی، آذربائیجان، سعودی عرب سمیت 9 ممالک کا پاکستان کے موقف کی تائید کرنا عمران خان کی کشمیر پالیسی کا ثمر ہے۔

بقیہ 55

فوج میں آرٹیلری، انفینٹری اور ایس ایس جی یونٹ کا حصہ رہے اور 1965 اور 1971 کی پاک بھارت جنگ میں بھی حصہ لیا۔ پرویز مشرف نے 25 بریگیڈ اور 41 ویں ڈویژن بھی کمانڈ کی اور ڈی جی ملٹری آپریشن بھی رہے

بقیہ 56

نافذ کیا اور آرمی چیف کے ساتھ ملک کے چیف ایگزیکٹو بھی بن گئے اور 20 جون 2001 کو ریفرنڈم کے نتیجے میں صدر مملکت کا عہدہ سنبھالا اور 14 سے 16 جولائی 2001 کو نئی دہلی میں ہونے والی آگرہ کانفرنس میں شرکت لیکن مسلہ کشمیر سمیت پاک بھارت دوطرفہ تنازعات میں کوئی پیشرفت نہ ہوسکی اور مذاکرات کا کوئی مشترکہ اعلامیہ جاری نہ ہوسکا

بقیہ 57

ر، سامان آتش بازی برآمد۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے آتش بازی کا سامان لے کر جانے والے ملزم محمد اقراش کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 18 انار، 30 ہوائیاں، 24 سوتر گولے اور 100 ڈبی ماچس پٹاخہ برآمد کر کے مقدمہ درج کرلیا گیا، ایس پی راول ماہم خان کا کہنا تھا کہ آتش بازی اور ہوائی فائرنگ کے ذریعے شہریوں کی جانیں خطرے میں ڈالنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

بقیہ 58

امین کو گرفتار کرکے 875 تھیلے آٹا اور 35 تھیلے سوجی برآمد کی گئی، ایس پی پوٹھوہار کا کہنا تھا کہ غیر قانونی گندم اور آٹے کی ترسیل کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں یقینی بنائی جائیں گی۔

بقیہ 59

ہوئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ حماد اور طاہر پولیس اہلکار ہیں، جبکہ اسماعیل بنگالی پرائیویٹ پرسن ہے، ان کے درمیان کسی بات کی تلخ کلامی ہوئی، تو حماد نامی اہلکار نے طاہر نامی اہلکار کو پستول سے گولی ماردی۔ ایس ایس پی سٹی کہا کہ فائرنگ سے طاہر بنگش ولد خیال اسی وقت جاں بحق ہوگیا جبکہ طاہر کی تعیناتی سعید آباد تھانہ کی ہے

عمران خان جب کال دیں گے ہم ملک کی جیلیں بھر دیں گے، فرخ حبیب

فرخ حبیب نے کہا کہ 5 اگست کے بھارتی اقدامات سب کے سامنے ہیں، بھارت نے مقبوضہ کشمیر کا خصوصی سٹیٹس ختم کیا

رجیم چینج کے بعد دو ماہ سے جو حالات ہیں وہ کسی سے ڈھکے چھپے نہیں ہیں، پاکستان کے معاشی وسیاسی ڈھانچے کو تباہ کر دیا گیا ہے

لاہور (نمائندہ خصوصی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فرخ حبیب نے کہا ہے کہ عالمی دنیا کو کشمیر پر دہرا معیار چھوڑ کر اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سابق وزیر مملکت اطلاعات فرخ حبیب نے کہا کہ 5 اگست کے بھارتی اقدامات سب کے سامنے ہیں، بھارت نے مقبوضہ کشمیر کا خصوصی سٹیٹس ختم کیا، وادی کے اندر انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں ہوئی ہیں، لاکھوں کشمیریوں کو شہید کیا گیا۔ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فرخ حبیب نے مزید کہا کہ عمران خان نے کشمیر کے سفیر کا کردار ادا کیا، انہوں نے مقبوضہ کشمیر کے حوالے سے بھرپور کردار ادا کرتے ہوئے اقوام متحدہ میں مقبوضہ کشمیر کا مسئلہ اٹھایا۔ انہوں نے کہا رجیم چینج کے بعد دو ماہ سے جو حالات ہیں وہ کسی سے ڈھکے چھپے نہیں ہیں، پاکستان (بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد: عالمی عدالت بھارت سے کشمیریوں کی نسل کشی پر جواب طلب کرے: مشال ملک

جیل بھرو تحریک پاکستان تحریک انصاف نے باضابطہ تیاریاں شروع کر دیں

فہرستوں کی تیاری مکمل کرنے کے بعد حتمی منظوری کیلئے آئندہ ہفتے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو پیش کر دی جائیں گی

ملک بھر میں ریجنل اور ضلعی تنظیموں کو اہداف سونپ دیئے گئے، رضاکارانہ طور پر گرفتاریاں دینے والے کارکنان کی فہرستیں تیار کی جائیں گی

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے جیل بھرو تحریک شروع کرنے کی تیاریوں کا باضابطہ آغاز کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ملک بھر میں ریجنل اور ضلعی تنظیموں کو اہداف سونپ دیئے گئے، رضاکارانہ طور پر گرفتاریاں دینے والے کارکنان کی فہرستیں تیار کی جائیں گی، ہر صوبائی اسمبلی کے حلقے سے 500 کارکنان عمران خان کی کال پر گرفتاری پیش کریں گے۔ فہرستوں کی تیاری مکمل کرنے کے بعد حتمی منظوری کیلئے آئندہ ہفتے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو پیش کر دی جائیں گی، جیل بھرو تحریک کو 3 مرحلوں میں آگے بڑھایا جائے گا، پہلے مرحلے میں مرکزی قائدین و اراکین پارلیمان گرفتاریاں پیش کریں گے۔ دوسرے مرحلے میں ہر صوبائی اسمبلی کے حلقے سے 500 کارکنان جیل جانے کیلئے خود کو پیش کریں گے، (بقیہ نمبر 32)

لاہور: عمران خان جب کال دیں گے ہم ملک کی جیلیں بھر دیں گے: فرخ حبیب

سی ڈی اے مزدور یونین (سی بی اے) کی ایگزیکٹو کونسل کا اجلاس

جس کی صدارت اورنگزیب خان صدر سی ڈی اے مزدور یونین نے کی

صوفی محمود علی، حاجی راجہ صابر سمیت ایگزیکٹو کونسل اراکین نے کثیر تعداد میں شرکت کی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سی ڈی اے مزدور یونین (سی بی اے) کی ایگزیکٹو کونسل کا اجلاس مرکزی یونین آفس ستارہ مارکیٹ میں منعقد ہوا جس کی صدارت اورنگزیب خان صدر سی ڈی اے مزدور یونین نے کی، اجلاس میں سی ڈی اے مزدور یونین (سی بی اے) کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یٰسین، راجہ شاکر زمان کیانی، صوفی محمود علی، حاجی راجہ صابر سمیت ایگزیکٹو کونسل اراکین نے کثیر تعداد میں شرکت کی، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے قائد مزدور یونین چوہدری محمد یٰسین نے کہا کہ سی ڈی (بقیہ نمبر 34)

نگراں وزیر اعلیٰ KPK کا کشمیریوں کی حمایت کا اعادہ

آزادی کے حصول تک اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھیں گے

اقوام متحدہ مسئلہ کشمیر کو اپنی قراردادوں کے مطابق حل کرانے میں کردار ادا کرے

پشاور (جنرل رپورٹر) نگراں وزیر اعلیٰ خیبر پختون خوا محمد اعظم نے یوم یک جہتی کشمیر کے موقع پر جاری کیے گئے بیان میں کہا ہے کہ کشمیریوں کی جدوجہد کی اخلاقی، سیاسی، سفارتی حمایت جاری رکھنے کا اعادہ کرتے ہیں۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ کشمیری عوام 7 دہائیوں سے جدوجہد کر رہے ہیں، ریاستی جبر و تشدد سے آزادی کی جدوجہد کو دبایا نہیں جاسکتا، کشمیری عوام نے بنیادی حق کے حصول کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں۔ محمد اعظم خان نے یہ بھی کہا ہے کہ خطے کا امن مسئلہ کشمیر کے پُرامن حل سے وابستہ (بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد: کورونا کے مزید 17 کیسز مثبت، 11 مریضوں کی حالت نازک

پرویز مشرف نے سب سے پہلے پاکستان کا نعرہ متعارف کرایا

فوج کے سربراہ کے عہدے سے 9 سال بعد 28 نومبر 2007ء کو سبکدوش ہونا پڑا

لاہور (اسپیشل رپورٹر) سب سے پہلے پاکستان کا نعرہ متعارف کرانے والے پرویز مشرف اپنے غیر معمولی فیصلوں اور متنازع اقدامات کے باعث ملکی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھے جائیں گے۔ پاکستان کی تاریخ میں پرویز مشرف کا کردار اہم اور متنازع رہا ہے، 7 اکتوبر 1998ء کو چیف آف آرمی اسٹاف کے عہدے پر فائز ہوئے اور 12 اکتوبر 1999ء کو نواز شریف کی حکومت ختم کر کے چیف ایگزیکٹو بن گئے۔ پرویز مشرف کو کارگل آپریشن کے مرکزی کردار کے طور پر بھی جانا جاتا ہے، انہوں (بقیہ نمبر 35)

صفائی اور ویسٹ مینجمنٹ کی مجموعی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے مختلف کمیٹیاں بنانے کا اعلان

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ نے شہر کی 87 یونین کونسلز میں صفائی اور ویسٹ مینجمنٹ کی مجموعی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے مختلف کمیٹیاں بنانے کا اعلان کیا، کمیٹیاں راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے سپروائز (بقیہ نمبر 37)

پرویز مشرف کی خدمات کو فراموش نہیں کیا جا سکتا: پرویز الٰہی

جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف کے انتقال پر گہرا دکھ اور رنج و غم ہے، سابق وزیر اعلیٰ

بیگم صہبا مشرف، بیٹے بلال مشرف اور بیٹی عائلہ مشرف کے غم میں برابر کے شریک ہیں

لاہور (یو این پی) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے پرویز مشرف کے انتقال پر گہرے دکھ و رنج کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان آرمی اور ملک کے لیے ان کی خدمات کو فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری کیے گئے بیان میں پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف کے انتقال پر گہرا دکھ اور رنج و غم ہے۔ پرویز الٰہی کا کہنا ہے کہ بیگم صہبا مشرف، بیٹے بلال مشرف اور بیٹی عائلہ مشرف کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ واضح رہے کہ سابق صدر جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف 79 برس کی عمر میں دبئی میں انتقال کر گئے۔ ذرائع کے مطابق جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف طویل عرصے سے امریکن اسپتال دبئی میں زیر علاج تھے۔ سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے پرویز مشرف کے انتقال پر گہرے دکھ و رنج کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان آرمی اور ملک کے لیے ان کی خدمات کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری (بقیہ نمبر 39)

عمران خان کا نام نہاد انقلاب زمان پارک میں پڑے پڑے گل سڑ جائیگا' رانا آصف

لاہور (یو این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما رانا آصف حسین ڈیال نے کہا ہے کہ عمران خان آنکھوں میں دھول جھونکنے کیلئے عوام کے ہمدرد بنتے ہیں لیکن زمان پارک میں واقع اپنے محل نما گھر سے باہر نہیں نکلتے، گرفتاری سے ڈر کر (بقیہ نمبر 42)

امن پاسون تخت بھائی کے زیر اہتمام ٹی ایم اے سبزہ زار میں امن سیمینار کا انعقاد

پشاور پولیس لائن مسجد کے شہداء کے لئے خصوصی دعائیں اور ان کے ورثاء سے دلی ہمدردی کا اظہار

تخت بھائی (یو این پی) امن پاسون تخت بھائی کے زیر اہتمام ٹی ایم اے سبزہ زار میں امن سیمینار کا انعقاد۔ پشاور پولیس لائن مسجد کے شہداء کے لئے خصوصی دعائیں اور ان کے ورثاء سے دلی ہمدردی کا اظہار۔ سیمینار میں شرکاء نے پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے۔ حالیہ دہشتگردی پر شدید غم و غصے کا اظہار۔ اس موقع پر پروگرام کے ارگنائزر سوشل ایکٹیوسٹ فضل خان فضل، پیر رضا افغان، مرکزی انجمن اجران تحصیل تخت بھائی کے صدر حاجی معزاللہ، جماعت اسلامی پی کے (بقیہ نمبر 43)

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار، محمد وقاص خان

شہریوں کے جان و مال کی حفاظت اولین ترجیح ہے جسے یقینی بنایا جا رہا ہے

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا، صدر واہ پولیس

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) صدر واہ پولیس کی کاروائی، موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار، مسروقہ 02 موٹر سائیکل برآمد، تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا، ملزم کی شناخت شہروز کے نام سے ہوئی، ملزم سے مسروقہ 02 موٹر سائیکل برآمد ہوئے، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شہریوں کے جان و مال کی حفاظت اولین ترجیح ہے جسے یقینی بنایا جا رہا ہے۔ صدر واہ پولیس کی کاروائی، موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار، مسروقہ 02 موٹر سائیکل برآمد، تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا، ملزم کی شناخت شہروز کے نام سے ہوئی، ملزم سے مسروقہ 02 موٹر سائیکل برآمد ہوئے، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کا کہنا تھا کہ گرفتار (بقیہ نمبر 36)

مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام نے حق خودارادیت کے حصول کیلئے اپنے لہو سے بہادری کی نئی تاریخ رقم کی ہے، کمشنر محمد اجمل بھٹی

سرگودھا (اسپیشل رپورٹر) کمشنر محمد اجمل بھٹی نے کہا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام نے حق خودارادیت کے حصول کیلئے اپنے لہو سے بہادری کی نئی تاریخ رقم کی ہے۔ کشمیر حق و باطل کی جنگ ہے۔ دنیا پاکستان کو اپنے حق سے دستبردار ہونے کیلئے پریشر ڈال رہی ہے۔ یہ کیسے ممکن ہے کہ ہم اپنے ایک حصے کو کاٹ کر کسی اور کو دے دیں۔ بھارتی ظالمانہ حکومت کشمیریوں کی آزادی کو دبانے کیلئے جبر کا ہر ہتھکنڈہ (بقیہ نمبر 38)

وارث خان پولیس کی فوری کاروائی، کمسن بچے سے زیادتی کی کوشش کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) وارث خان پولیس کی فوری کاروائی، کمسن بچے سے زیادتی کی کوشش کرنے والا ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس کو متاثرہ بچے کے والد نے درخواست دی کہ ملزم بابر علی نے اس کے 07 سالہ بیٹے سے زیادتی کی کوشش کی، وارث خان پولیس نے مدعی کی درخواست پر فوری مقدمہ درج کر کے ملزم بابر علی کو گرفتار کر لیا، ایس پی راول ماہم خان کا کہنا تھا کہ ملزم (بقیہ نمبر 40)

سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا پتنگ فروشوں اور پتنگ بازوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا پتنگ فروشوں اور پتنگ بازوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 13 ملزمان گرفتار، 1200 کے قریب پتنگیں اور ڈوریں برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق راول ڈویژن پولیس نے 07 ملزمان یاور علی، حسن نثار، مظہر خان، محمد نبیل، ریاض، جہانزیب اور محمد یونس سے 01 ہزار 35 پتنگیں اور ڈوریں (بقیہ نمبر 41)

اسحٰق ڈار کا FBR افسران کی غیر قانونی مراعات روکنے کا حکم

افسران کو نوازنے کیلیے بنائے گئے اائی آر ایس کامن پول فنڈ رولز پر عملدرآمد معطل، وزارت خزانہ

لینڈ ریونیو سروس کے گریڈ 17 سے 22 کے افسران کیلئے آئی آر ایس کامن پول فنڈ رولز 2023ء پر عملدرآمد روکنے کی ہدایت

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے موجودہ سنگین معاشی صورت حال کے تناظر میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے ان لینڈ ریونیو ڈپارٹمنٹ کو پوائنٹ آف سیل فیس سے حاصل ہونیوالے ریونیو سے اپنے افسران کو بھاری الاؤنسز و مراعات دینے کے لیے آئی آر ایس کامن پول فنڈ رولز پر عملدرآمد سے روک دیا ہے۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ میں بتایا گیا ہے کہ وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے ملک کی موجودہ اقتصادی صورتحال کے پیش نظر فوری نوٹس لیتے ہوئے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو ان لینڈ ریونیو سروس کے گریڈ 17 سے 22 کے افسران کیلئے آئی آر ایس کامن پول فنڈ (بقیہ نمبر 44)

اسلام آباد: جیل میں شیخ رشید کا میڈیکل چیک اپ، ڈاکٹرز نے صحت مند قرار دے دیا

پوٹھوہار ڈویژن پولیس کا ٹیکسلا سرکل کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز

سرچ آپریشنز میں گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف، دکانیں اور افراد کی چیکنگ

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) پوٹھوہار ڈویژن پولیس کا ٹیکسلا سرکل کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز، سرچ آپریشنز میں گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف، دکانیں اور افراد کی چیکنگ۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید شہزا د ندیم بخاری کی ہدایت پر پوٹھوہار ڈویژن پولیس نے تھانہ ٹیکسلا، صدر واہ اور واہ کینٹ کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز کیے، سرچ آپریشنز میں ضلعی پولیس سمیت دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے حصہ لیا، سرچ آپریشنز میں 37 گھروں، 15 کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف، 04 دوکانیں اور انفرادی طور پر 120 افراد کو چیک کیا گیا، ایس پی پوٹھوہار محمد (بقیہ نمبر 48)

Pakistan Literacy Project
Book Development Workshop

لاہور: ادارہ تعلیم و آگاہی (آئی ٹی اے) کی کامیاب ڈویلپمنٹ ورکشاپس کا انعقاد

راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات

سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں

راولپنڈی (کائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں، عبادت کے لیے گرجا گھروں میں آنے والے افراد کی سیکورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی (بقیہ نمبر 45)

سابق وفاقی وزیر بابر غوری امریکا روانہ

کراچی (نیوز رپورٹر) سابق وفاقی وزیر، متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان کے رہنما بابر غوری امریکا روانہ ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق بابر غوری کو حفاظتی ضمانت کے باعث گرفتار نہیں (بقیہ نمبر 46)

ہنگو میں مبینہ پولیس مقابلہ کے دوران قتل واقدام قتل سمیت دیگر سنگین مقدمات میں انتہائی مطلوب اشتہاری ملزم ہلاک

کوہاٹ (نیوز رپورٹر) ہنگو میں مبینہ پولیس مقابلہ کے دوران قتل و اقدام قتل سمیت دیگر سنگین مقدمات میں انتہائی مطلوب اشتہاری ملزم ہلاک ہو گیا جبکہ ہلاک ملزم کے دیگر ساتھی رات کی تاریکی کا فائدہ اُٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ ہنگو پولیس کے مطابق خفیہ اطلاع پر گزشتہ شب ڈی ایس پی امجد حسین کی قیادت میں تھانہ (بقیہ نمبر 47)

لاہور: سموگ سے نمٹنے کیلئے تکنیکی معاونت پر اٹلی کا خیر مقدم کریں گے: محسن رضا نقوی

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی

08 ملزمان گرفتار، ساڑھے 04 کلو سے زائد چرس برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی، 08 ملزمان گرفتار، ساڑھے 04 کلو سے زائد چرس برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے ملزم مالک بھٹی سے 01 کلو 260 گرام چرس، ملزم عمر لیاقت سے 01 کلو 80 گرام چرس، روات پولیس نے ملزم حفیظ سے 01 کلو 180 گرام چرس، صادق آباد پولیس نے ملزم نعمان سے 150 گرام چرس، ٹیکسلا پولیس نے ملزم احتشام سے 200 گرام چرس، ملزم علی رحمٰن سے 240 گرام چرس، ملزم عدنان سے 220 گرام چرس، ملزم عمران سے 200 گرام چرس برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائیگی،، منشیات جیسے ناسور کے خاتمے کے لیے منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کریک ڈاؤن میں مزید تیزی لائی جائے گی۔

ادارہ تعلیم و آگاہی ITA کی کامیاب ڈویلپمنٹ ورکشاپس کا انعقاد

پاکستان لٹریسی پراجیکٹ کا مقصد ملک بھر میں بچوں کی شرح خواندگی اور کتاب پڑھنے کی عادت کو بہتر بنانا ہے

یہ ورکشاپ نوجوان ٹیلنٹ اور انڈسٹری کے ماہرین کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنے میں کامیاب رہی ہے جو کہ مستقبل کے کیلئے خوش آئند ہے

لاہور (نامہ نگار) ادارہ تعلیم و آگہی (آئی ٹی اے) نامور تنظیم روم ٹو ریڈ کے ساتھ باہم اشتراک سے پاکستان لٹریسی پراجیکٹ نامی شاندار منصوبے پر کام کر رہا ہے جس کے تحت انڈسٹری کے نامور لکھاری اور مصنفین کے ہمراہ چھوٹے بچوں کے لیے بک ڈویلپمنٹ پر 4 روزہ ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا۔ اس ورکشاپ کا انعقاد صوبائی دارالحکومت لاہور میں یکم سے 4 فروری تک کیا گیا، ورکشاپ میں روم ٹو ریڈ کی جانب سے مہیش پر تھیرا تھنا اور ادارہ تعلیم و آگہی (ITA) سے رومانہ حسین نے اس ورکشاپ کا مقصد بچوں کے لیے 15 دلچسپ اردو کہانیوں پر مشتمل کتاب مرتب کرنا تھا جس میں پاکستان بھر سے نوجوان اور تجربہ کار تخلیقی مصنفین، مصور اور ایڈیٹرز نے بھرپور شرکت کی۔ اپنی نوعیت کے اس پہلے موقع پر لاہور، کراچی، اسلام آباد، سوات اور دیگر مقامات سے ادیب، مصور، ایڈیٹر اور آرٹ ایڈیٹر اس پروجیکٹ میں تعاون کے لیے اکٹھے ہوئے تھے جبکہ پاکستان کے تین مایہ ناز پبلشرز نیشنل بک فاؤنڈیشن (NBF)، الف لیلیٰ بک بس سوسائٹی (ALBBS) اور مقبول اکیڈمی نے بھی اعزازی شرکت کی۔ ورکشاپ میں پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ (PCTB)، ڈائریکٹوریٹ آف کریکولم اسیسمنٹ اینڈ ریسرچ سندھ (DCAR)، سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ (STB)، سندھی لینگویج اتھارٹی (SLA) اور نیشنل کریکولم کونسل (بقیہ نمبر 49)

عالمی عدالت بھارت سے کشمیریوں کی نسل کشی پر جواب طلب کرے، مشال ملک

گزشتہ 30 سالوں سے پاکستانی قوم بھارتی افواج کے ظلم و جبر کے شکار کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کا دن منا رہی ہے

انہوں نے کہا کہ میں ہر طبقہ زندگی سے تعلق رکھنے والے پاکستانیوں کی شکرگزار ہوں کہ وہ کشمیریوں کے ساتھ کھڑے ہیں

اسلام آباد (خبر نگار) مقبوضہ وادی کشمیر کے حریت پسند رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشال ملک نے کہ کہ گزشتہ 75 سال سے بھارتی فوج کشمیریوں پر ظلم و بربریت جاری رکھے ہوئے ہے، ہمارا ایک مطالبہ ہے کہ حق خودارادیت دیا جائے۔ حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشال ملک نے اپنے ویڈیو پیغام میں کہا کہ گزشتہ 30 سالوں سے پاکستانی قوم بھارتی افواج کے ظلم و جبر کے شکار کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کا دن منا رہی ہے لیکن گزشتہ 75 سالوں سے بھارت مظالم کی نئی داستان رقم کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں ہر طبقہ زندگی سے تعلق رکھنے والے پاکستانیوں کی شکرگزار ہوں کہ وہ کشمیریوں کے ساتھ کھڑے ہیں، ہر سال پاکستانی عوام کی جانب سے ایک مضبوط پیغام دنیا کو دیا جاتا ہے لیکن کب تک ہم یہ دن بنائیں گے کشمیریوں کو اب آزادی ملنی چاہیے۔ مشعال ملک نے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ بین الاقوامی عدالت میں بھارت سے کشمیریوں کی نسل کشی پر جواب مانگے۔ حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشال ملک (بقیہ نمبر 51)

مراد سعید کو اپنا قد کاٹھ دیکھ کر زبان درازی کرنی چاہیے۔ فخر زمان

پشاور (یو این پی) پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما فخر زمان خان نے پی ٹی آئی کے مراد سعید کی جانب سے آصف علی زرداری کے خلاف بیان بازی کی مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ مراد سعید کو اپنا قد کاٹھ دیکھ کر زبان درازی کرنی چاہیے (بقیہ نمبر 52)

جیل میں قید شیخ رشید احمد کی طبیعت ناساز

عوامی مسلم لیگ کے سربراہ کو جیل میں شدید بخار ہو گیا

اسلام آباد ہائیکورٹ نے آبپارہ تھانے کے نوٹس کو غیر قانونی قرار دیا ہے

راولپنڈی (یو این پی) راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں قید سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد کی طبیعت ناساز ہو گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مقامی عدالت کی جانب سے جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد ہونے کے بعد عوامی مسلم لیگ کے سربراہ اور سابق وزیر داخلہ شیخ رشید کو اڈیالہ جیل منتقل کیا گیا، جہاں سے ذرائع کا کہنا ہے کہ عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید احمد کو جیل میں شدید بخار ہوا، اس کے باعث جیل ڈیاٹی پر مامور ڈاکٹروں نے ان کا طبی معائنہ کیا تو سابق وزیر داخلہ کی طبیعت ناساز ہونے کا معلوم ہوا اور اس وقت شیخ رشید احمد کے جسم کا درجہ حرارت 101 سے زیادہ تھا جس پر ڈاکٹرز نے انہیں ادویات دینے کی ہدایت کی۔ ادھر پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما فواد چودھری نے کہا ہے کہ شیخ رشید کو ہتھکڑیوں میں سیڑھیوں سے دھکا دینے والے چہرے نہیں بھولیں گے، شیخ رشید کو ہتھکڑیاں لگا کر سیڑھیوں سے دھکا دینے والے چہرے اور اس پر ٹھٹھہ لگانے والے دونوں ہی نہیں بھولیں گے اور نہ پی ٹی آئی والے بھولنے دیں گے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز سابق وزیر داخلہ شیخ رشید کو عدالت پیش کیا گیا، شیخ رشید عدالت پیشی کے وقت بری طرح لڑکھڑا کر گر پڑے، شیخ رشید سامنے کھڑے پولیس اہلکار سے جا ٹکرائے، سابق وزیر داخلہ کافی (بقیہ نمبر 50)

جہلم: گولیاں مارنے کا فخر سے ذکر، رانا ثنا اور بھارتی وزیر داخلہ میں کیا فرق ہے؟ فواد چودھری

عسکری قیادت کا جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف کے انتقال پر اظہار تعزیت

آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے سابق صدر پرویز مشرف کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان کی عسکری قیادت نے سابق صدر جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق پرویز مشرف سابق صدر، سابق جوائنٹ چیفس اور آرمی چیف رہے ہیں۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا اور آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے سابق صدر پرویز مشرف کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ عسکری قیادت کی جانب سے تعزیتی بیان میں دعا کی گئی ہے کہ اللہ مرحوم جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف کو غریق رحمت کرے، جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف کے پسماندگان کو صبر و ہمت دے (آمین) واضح رہے کہ سابق صدر جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف 79 برس کی عمر میں دبئی میں انتقال کر گئے۔ ذرائع کے مطابق جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف طویل عرصے سے امریکن اسپتال دبئی میں زیر علاج تھے۔ سابق جوائنٹ چیفس اور آرمی چیف رہے ہیں۔ آئی ایس پی آر کا کہنا (بقیہ نمبر 53)

یوم یکجہتی کشمیر لاہور سمیت دیگر حلقوں میں قومی جوش و جذبے سے تقریبات کا انعقاد

سندر شریف (یو این پی) یوم یکجہتی کشمیر لاہور سمیت دیگر حلقوں میں قومی جوش و جذبے سے تقریبات کا انعقاد، لاہور قومی سیاسی جماعتوں نے مال روڈ پر یکجہتی کیمپ لگائے اور ریلیاں نکالیں، اور دیگر حکوں میں بھی اہتمام کیا گیا، پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی رہنماء پی پی حلقہ 165 کے امیدوار رانا نثار راٹھ نے کہا کہ ہمارے دل مقبوضہ وادی (بقیہ نمبر 54)

جنرل (ر) پرو مشرف نے ابتدائی زندگی کہاں بسر کی۔۔۔؟

پرویز مشرف نے 25 بریگیڈ اور 41 ویں ڈویژن بھی کمانڈ کی اور ڈی جی ملٹری آپریشن بھی رہے

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) جنرل (ر) پرویز مشرف 1943 کو نئی دہلی میں پیدا ہوئے اور 1947 میں قیام پاکستان کے بعد والدین کے ہمراہ کراچی منتقل ہو گئے تھے۔ وہ 1964 میں 29 ویں پی ایم اے لانگ کورس سے فارغ التحصیل ہوئے، آرٹیلری رجمنٹ کی 61 ویں ایس پی یونٹ میں کمیشنڈ حاصل کیا اور پھر اسی یونٹ کی کمانڈ بھی کی۔ جنرل (ر) پرویز مشرف نے آرمی کمانڈ اینڈ اسٹاف کالج کوئٹہ سے گریجویشن کی اور پھر رائل کالج آف ڈیفنس اسٹیڈیز لندن میں زیر تعلیم رہے جبکہ وہ پاک (بقیہ نمبر 55)

سابق وزیر اعظم نواز شریف نے جنرل پرو مشرف کو آرمی چیف مقرر کیا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) اکتوبر 1998 میں اس وقت کے وزیر اعظم نواز شریف نے جنرل پرو مشرف کو آرمی چیف مقرر کیا اور اس وقت وہ کور کمانڈر منگلا تھے، ان کی سربراہی میں پاک فوج نے کارگل کی جنگ لڑی تھی۔ پرویز مشرف نے 12 اکتوبر 1999 کو ملک میں مارشل لاء (بقیہ نمبر 56)

کراچی میں پولیس اہلکار کی فائرنگ سے پولیس اہلکار ہی جاں بحق ہو گیا

کراچی (یو این پی) کراچی کے علاقے لیاری اگرہ تاج دہلی پارک کے قریب پولیس اہلکار کی فائرنگ سے پولیس اہلکار جاں بحق ہو گیا۔ ایس ایس پی سٹی نے بتایا کہ ابتدائی معلومات کے مطابق تین دوست جو کہ پڑوسی ہیں، کلری کے علاقہ آگرہ تاج میں حماد، طاہر اور اسماعیل بنگالی آپس میں بیٹھے (بقیہ نمبر 59)

آتش بازی کا سامان لے کر جانے والا ملزم گرفتار، گنجمنڈی پولیس

آتش بازی کا سامان لے کر جانے والے ملزم محمد اقراش کو گرفتار کر لیا، ماہم خان

24 سوتر گولے اور 100 ڈبی ماچس پٹاخہ برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) گنجمنڈی پولیس کی کاروائی، آتش بازی کا سامان لے کر جانے والا ملزم گرفتار، سامان آتش بازی برآمد۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے آتش بازی کا سامان لے کر جانے والے ملزم محمد اقراش کو گرفتار کر لیا، ملزم سے 18 انار، 30 ہوائیاں، 24 سوتر گولے اور 100 ڈبی ماچس پٹاخہ برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا، ایس پی راول ماہم خان کا کہنا تھا کہ آتش بازی اور ہوائی فائرنگ کے ذریعے شہریوں کی جانیں خطرے میں ڈالنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔ گنجمنڈی پولیس کی کاروائی، آتش بازی کا سامان لے کر جانے والا ملزم گرفتا (بقیہ نمبر 57)

نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کاروائیاں

آٹے سے لدی 03 گاڑیاں سمگل کرنے کی کوشش ناکام

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کاروائیاں، آٹے سے لدی 03 گاڑیاں سمگل کرنے کی کوشش ناکام، 03 ڈرائیور گرفتار، 875 تھیلے آٹا اور 35 تھیلے سوجی برآمد۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ کاروائیاں کرتے ہوئے آٹے سے لدی 03 گاڑیاں سمگل کرنے کی کوشش ناکام دی، 03 ڈرائیوروں ساحل، ظاہر اور (بقیہ نمبر 58)

ایڈیٹر انچیف۔۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی
سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ
روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

ضرورت
نمائندگان
LALKAAR
دُنیا بھر سے میل / فی میل
نمائندگان کی فوری ضرورت ہے
آپ صحافی بننا چاہتے ہیں
آپ کو لکھنے کا شوق ہے
آپ کو تلاش ہے ایک اچھے پلیٹ فارم کی
تو پھر آئیں ہماری ٹیم میں شامل ہو جائیں۔
بیورو چیف
ڈپٹی بیورو چیف
ڈسٹرکٹ رپورٹر
پولیٹیکل رپورٹر
لیڈی رپورٹر
سٹی رپورٹر
نمائندہ خصوصی
کرائم رپورٹر
نامہ نگار
سٹاف رپورٹر
مارکیٹنگ بزنس رپورٹر
جنرل رپورٹر
نیوز ایجنسیز کی ضرورت ہے
0312-7786354